برحال وہ لوگ اچھے سے جانتیں تھیں کہ عینہ اور سر کے بارے میں بلکہ تقریبا کالج ہی....

فریحہ کو مزید وہاں کھڑا ہونا .. مناسب نہیں لگا تبھی ہٹ گئ

.

.. جبکہ عینہ اس انجان کو... اپنی تڑپتی ہوئ نظروں سے دیکھ رہی تھی

... کہنے کو دو سال گزرے تھے مگر .. لمحہ لمحہ گنا تھا عینہ نے

داود نے فوک سائیڈ پر رکھ کر سر اٹھایا تو... سامنے عینہ کو دیکھ کر... .اسکے چہرے کے تاثرات میں معمولی سی بھی تبدیلی نہیں ائ....

وہ عینہ کو دیکھ رہا تھا جبکہ عینہ اسکی جانب.....

چند لمحے مزید گزرے ..اور ..داود نے پھر سے اپنے کھانے پر توجہ کر لی ..وہ اسی اطمینان سے کھانا کھا رہا تھا...

عینہ نے بھی انسو صاف کیے ..اور... اپنے کانپتے قدموں کو اسکی جانب اٹھایا...

کتنا دور دور لگا ..وہ اسے پہلے سے جیسے بلکل الگ....

اسکے چہرے پر... سیدھے گال کیطرف ایک نشان بھی دیکھا...

وہ جیسے چوٹ کا تھا ..مگر اسکی شخصیت... اسکی وجاہت کے اگے ..کچھ بھی نہیں تھا..

فلحال عینہ کو تو ..اپنے اپ ..بس ایسا ہی لگا کہ وہ داود کے قدموں میں خود کو وار دے..

مٹ جائے اسکے لیے...

اسنے کانپتی انگلیوں سے چیئر کھینچی....

اور اسکے سامنے بیٹھ گئ..

...داود نے ایک بار پھر اسکی جانب دیکھا

..... خوبصورت آنکھوں کے گرد ہلکے اور اترا اترا چہرہ اور اسپر ..لگاتار بہتے انسو

...داود نے سائیڈ سے ٹشو اٹھا کر اسکی جانب بڑھا دیا

مگر کھانا کھانا نہیں روکا ..وہ اسی اطمینان سے کھانا کھاتا رہا... جبکہ ایک دو بار ارد گرد بھی نظر ...گھمائ

...عینہ اسکی بے گانگی... پر مزید بکھر رہی تھی

اسے بلکل سمجھ نہیں ایا... کہ وہ کیا کرے ..کیا بات شروع کرے ..کیا یہ بتائے کہ ..اسکے بغیر گزرے یہ دن... اسے روز... عزیت دیتے تھے

....اسکے دو سال پہلے بھیجے گئے میسیجیز ..وہ دن میں ہزار بار پڑھ کر مسکراتی تھی

...داود کھانا ..کھا چکا تھا

...ویٹر ایا... تو داود نے... اپنے ہوٹل ہونے کے باوجود اسکو بل پے کیا

ویٹر نے حیرت سے عینہ کو دیکھا....

اور ..وہاں سے چلا گیا ..جبکہ داود نے چئیر پیچھے ..کی.... .دو قدم چلا... اور اسکے نزدیک ا گیا....

عینہ چہرہ اٹھائے اسکی جانب دیکھنے لگی..

بھیگے گال ..کانپتے ہونٹ ..بے ترتیب بالوں کی لٹیں....

داود ..نے ٹشو بکس سے... ٹشو ..نکالا...

اور ..عینہ کے ..گال پر پھیلی نمی ..کو اس سے صاف کیا...

عینہ ..کا دل اچھل کر مانو حلق میں اگیا....

اسکے لیے یہ سب غیر متوقع ہی تو تھا..

داود ..داود احمد ایسا تو بلکل نہیں تھا..

اسکے اندر چلتا ہر اموشن اسکے چہرے پر نظر اتا تھا ..مگر یہاں تو وہ ..گاگلز سے آنکھیں

...ڈھانپے

اسکے گال کی نمی ..صاف کر کے ..ایک قدم دور ہوا ..اور

...اسی ٹشو سے ..اپنے ہونٹ صاف کیے .

اسنے ٹشو

...ڈسبین میں اچھال دیا .

اور ..اپنی پینٹ کی پاکٹ میں ہاتھ ڈالے ..وہ وہاں سے

...مڑکر باہر کی جانب چل دیا .

...عینہ کو چند منٹ لگے ..سب سمجھنے میں آنکھیں ایک بار پھیر بھیگیں

...اور وہ اسکے پیچھے دوڑی

..وہ نہیں جانتی تھی ..لوگ اسے دیکھ رہیں ہیں

..کون نہیں تھا ...جو بہرا .خان کو نہیں جانتا تھا

..کون نہیں تھا ...جو عینہ بہرام خان کو نہیں جانتا تھا

..مگر اسے کسی کی پرواہ نہ تھی

....وہ بڑی ساری گاڑی میں بیٹھ رہا تھا

..اور اس سے پہلے وہ دروازہ بند کرتا ..عینہ نے دروازہ پکڑ لیا

..پلیز نہیں... "وہ لمبے لمبے سانس لیتی

..التجا کرنے لگی

....داود نے اسے سنجیدگی سے ~ور سے اسکی جانب دیکھا

...پلیز اب مجھے چھوڑ کر مت جائیں "عینہ ایک بار پھر سسکنے لگی

...بیٹھو" ..داود نے ایک لفظی جواب دیا

وہ اپنا بیگ اپنا موبائل .. سب .. اسے نہیں پتہ تھا .. کہاں چھوڑ ائ .. تھی ... بس داود ..نے کہہ دیا وہ

...سب چیز پس پشت ڈالے .. اسکے ساتھ گاڑی میں سوار ہوگئ

داود .. نے آنکھوں پر سے گاگلز نہیں اتارے .. وہ .ڈرائیو کر رہا تھا .. جبکہ عینہ اسے دیکھ ..کر جیسے آنکھوں کو سکون بخش رہی تھی

...وہ کتنا بدل گیا تھا

.. جیسے گلیشیر بن گیا ہو .. سرد سا جس کے ایموشنز سمجھ نہیں اتے ہوں

..وہ مسلسل اسکی طرف دیکھ رہی تھی

کہ جھٹکے سے گاڑی روکی .. اور عینہ کا سر ڈش بورڈ پر پڑا... کیونکہ اسنے سیٹ بیلٹ نہیں ..باندھی تھی

...اہ "سر پر ہاتھ رکھے... اسنے تکلیف کو دبایا .. جبکہ داود دروازہ کھول کر باہر نکل گیا تھا

...اسنے اپنے سر کو چھوڑا اور ..اسکے پیچھے نکلی... تو وہ شاندار گھر... دیکھ کر حیران رہ گئ

گارڈن کے ایک طرف ..کافی بڑی گلاس وال تھی... جس کے ..گلاس ڈور ..داود نے ...اوپن کیے ..وہ اسکا روم تھا

..وہ حیران ہی تو رہ گئ

کیونکہ اندر... داخل ہوتے ہی... سیٹینگ روم تھا ..جبکہ ..خوبصورت پردے ہٹاتے ہی بیڈ ....روم نظر ایا

..اسنے لائٹس اون کر دی

تمھیں ڈر نہیں لگ رہا ..ایک اجنبی کے ساتھ ..اسکے کمرے میں کھڑی ہو"عینہ پلٹی ..وہ ...چئیر پر بیٹھا ..اسی کی جانب دیکھ رہا تھا

...اپ اجنبی نہیں ہیں "عینہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ..اسکے پاس اگئ

...داود ..نے مسکرا کر ..سر ہلایا

...اپ اجنبی نہیں ہیں "عینہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ..اسکے پاس اگئ

...داود ..نے مسکرا کر .. سر ہلایا

..داود..." .وہ جھجکی ..اسکے انداز ..عینہ کو اسکے روعب میں ڈال رہے تھے

داود اپ ..اپ ناراض ہیں

میں... م میں جانتی ہو ..وہ سب میں ..ڈیڈ نے "عینہ اپنی ہی بے ربط بات سے . ...الجھتی رو دی

...جبکہ روتے روتے ..وہ اسکے قدموں میں بیٹھ گئ

..داود جو ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھا تھا

...ٹانگیں سیدھی لر کے ..اسکے چہرے کیطرف جھکا .اور اسکی بھیگی پلکیں دیکھنے لگا

You don't look like my taste

اسنے ..عینہ کے چہرے پر پھونک ماری... عینہ انسو صاف کرتی ..اسکی صورت دیکھنے لگی..

داود نے مسکرا کر ..ہاتھ میں پھینی ریسٹ واچ میں ٹائم دیکھا...

گویا کہ وہ بہت مصروف ہو ..اور عینہ اسکا صرف وقت زایعہ کر رہی ہو...

عینہ ..اسکے اس عمل پر خفت زدہ سی ہو گئ...

جبکہ انسو بھی صاف کیے...

م... مجھے بھوک لگی ہے "اسنے کچھ توقف کے بعد ..کہا... ہزار سوال تھے .دل میں اسکی عمارت اسکی شان و شوکت کو دیکھ کر ..اسکی شخصیت کی تبدیلی کو دیکھ کر ..اسکا اسکے ساتھ اتنا نارمل ہونے کو لے کر ..دو سال ..اسنے یہ نہیں سوچا تھا کہ جب وہ واپس لوٹے گا تو ..ایسا ہو گا...

وہ جانتی تھی ..وہ یقیناً غصے سے اسکی گردن دبا دے گا....

مگر یہ داود... .اسکی سوچ سے بلکل برعکس تھا...

....داود نے کوئ جواب نہیں دیا

....کل .رات ..8 بجے... ساتھ ڈنر کریں گے

...میرے روم میں... ''وہ اٹھتے ہوئے بولا

...عینہ بھی اٹھی ..ہونٹ کاٹنے لگی

....جبکہ سر جھکا سا لیا

...وہ بہت بڑا لگ رہا تھا... جس کے اگے عینہ کو مودب ہونا ہی تھا

...داود نے ..عینہ کو ہونٹ کاٹتے دیکھا

...تو اچانک... .عینہ کی کمر میں ہاتھ ڈال کر ..اسکو... اپنے نزدیک کر لیا

...عینہ کی آنکھیں پھٹ سی گئیں

....دل کی دھڑکنیں ..کانوں میں سنائ دینے لگیں

....داود نے ..انگوٹھے کی مدد سے ..اسکا ہونٹ ..اسکے دانتوں سے ازاد کیا

ابھی انھیں ازاد ہی رہنے دو... جلد یہ صرف میری غلامی میں آئیں گے..." .انگوٹھے کی حرکت... اسکے لبوں پر کرتے ہوے ..وہ سنجیدگی سے بولتا ..اسے اتنی ہی تیزی سے خود سے جدا کر گیا..کہ عینہ خقد کو سمبھال نہ سکی اور زمین پر گیری...

داود کے لب مسکراے...

وہ یوں ہی ..اسکو دیکھتا رہا....

عینہ کو اسکی بے گانگی کاٹنے لگی...

وہ بدلہ لیتا اس سے مگر... ایس کیوں ہو گیا تھا...

وہ رونے لگی...

باہر جا کر رونا... "اسنے ..کڑک سی اواز میں کہا ..عینہ نے سر گھمایا..

وہ مسکرا رہا تھا....

یعنی وہ شخص جو ایک لمہہ بھی اسے خود سے دور نہ کرے وہ ااسے نکال رہا تھا....

عینہ کو اج سے پہلی کبھی اپنی بے عزتی کا احساس نہیں ہوا... ہمیشہ وہ ہی اسکو بے عزت کرتا تھا...

وہ باہر نکلنے لگی...

رات اٹھ بجے... "گھمبیر مدھم سی اواز... اسکے کانوں میں سنائ دی...

اسکے ہاتھ پاوں پھولنے لگے...

وہ وہ داود نہیں تھا....

وہ وہاں سے .. بھاگ گئ... جبکہ داود نے اسکو لون سے .. بھاگتے ہوئے تسلی سے دیکھا تھا...

پھر سر جھٹک کر .. اپنی میٹینگ .. کے لیے نکل گیا..

....

..اسکا ریزلٹ اگیا تھا... ایف ایس سی میں ٹاپ کرنے والی وہ پہلی سٹوڈنٹ تھی

..سب سے پہلے ..وہ اپنی ماں کی تصویر کے پاس ائی

..جس کو وہ اج تک انصاف نہیں دلا سکی .. تھی

اسنے بھیگی آنکھوں اور مسکراتے لبوں سے ..ماں کی تصویر کو چوما ..اور پھر .. حور کو کال ...ملائ

.. تبھی زرینہ بھی اگئ

..زرینہ انٹی ..میری فرسٹ پوزیشن ائ ہے" ..اسنے خوش ہوتے ہوئے بتایا

..زرینہ اسکی میڈ تھی جو ہر وقت اسکے ساتھ رہتی تھی

...ماشاءاللہ ماشاءاللہ.. "زرینہ نے اسکے سر پر پیار دیا

مجھے لگتا ہے ..یہ خبر اپکو حور بیبی کو ..وہیں جا کر دینی چاہیے ..اپ دو سال سے حویلی نہیں گئیں ..حور بیبی حیدر سائیں بہرام سائیں ..سب اپ سے ملنے اتے ہیں ..اس بار اپکو جانا چاہیے''

...اسنے کہا تو مشل ..کی مسکراہٹ مدھم ہوگئ

...نہیں زرینہ انٹی

..میں ادھر ہی ٹھیک ہو ..جب سے یہاں ائ ہو... کم از کم اپنا اپ... بوجھ نہیں لگتا''
..اسنے مدھم اواز میں کہا تو زرینہ نے... اسکے شانے پر ہاتھ رکھا
...اپ کچھ نہ سوچیں ..بس حور بیبی اور حیدر سائیں کی خوشی دیکھیں
...وہ بہت خوش ہوگئیں ''اسنے کہا تو وہ زرینہ کی جانب دیکھنے لگی

اور پھر تھوڑی بہت محنت کے بعد... زرینہ کی بات ..پہلی بار ہی

...صیحی مشل نے مان لی

زرینہ خوش ہو کر پیکینگ کرنے لگی... جبکہ مشل بھی .. کچھ ہی دیر میں اسکی ہیلپ

..کرنے لگی ..اور تقریبا دو گھنٹے بعد وہ ڈرائیور کے ساتھ جو ..اسکے پاس ہی ہر وقت رہتا تھا

....حویلی کے لیے نکل گئ

..اسے بہت خوشی ہو تہی تھی

اسنے ہاتھ میں ریزلٹ سختی سے پکڑ رکھا تھا... راستہ .. گزر رہا تھا ..وہی راستے ..دوبارہ نظر ا

...رہے تھے

اور پھر مزید کچھ گھنٹوں میں اسکی گاری حویلی اکر رکی ..تو ..اسکی خوشی پر جیسے اوس سی

...پڑی

سارگل کی گاڑی بھی پارکینگ میں کھڑی تھی ..مگر ..کوی بھی رد عمل دیے بغیر وہ اندر کی

...جانب بڑھی

تو لاونج میں ہی سب موجود تھے حور اور حیدر اسکو اندر اتا دیکھ ..خوشی سے اپنی جگہ سے

...اٹھے ..جبکہ باقی سب بھی ..وہاں ایشا ..اور صارم کی شادی کی تاریخ رکھی جا رہی تھی

..اور جیسے خوشی دوبالی ہو گئ

بابا میں نے ٹاپ کیا ہے ایف ایس سی میں فرسٹ پوزیشن فرسٹ گریڈ''وہ حیدر کو دیکھ کر بولی... سفید چہرے پر خوشی کی سرخی ایس اگا.. جیسے ..دودھ میں چیری گھول دی ہو جبکہ شورٹ کرتا اور جینز میں مفلر ڈالے وہ .. معصوم سی مشل سے بلکل مختلف لگ رہی تھی ..

...واہ بھئ ''حیدر نے ..اسکے سر پر پیار دیا

..اور ..وہ خوشی سے سب کو اپنا ریزلٹ دیکھنے لگی

بہت خوب بیٹا ''بہرام نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا... اور اپنی جیب سے ..چند نوٹ نکال کر اسکی ہتھیلی پر رکھے''مشل ..ہنس دی

...نہیں اسکی تو ضرورت نہی ''اسنے کہا تو... بہرام نے نفی کی

بیٹا جی پوری فیملی کے نکامے بچوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے اپ نے .. تحفی کیا سلیبریشن بنتی ہے کیوں حیدر ''وہ بولا تو حیدر نے سر اثبات میں ہلایا ..

اور سلیبریشن تو اس بات پر بھی بنتی ہے کہ میری بیٹی دو سال بعد دوبارہ حویلی ائ

..ہے ..کتنا مس کیا تھا میں نے تمھیں "حور نے .. مشل کو سینے سے لگایا

...تو سب نے اقرار کیا

.. تبھی اندر عینہ داخل ہوئ ..وہ مشل کو حیرت سے دیکھنے لگی

.. مشل نے اگے بڑھ کر عینہ کو گلے سے لگا لیا

...اور اسے اپنا ریزلٹ دیکھایا

.. عینہ .. مسکرا دی

...اسے خوشی ہوئ کہ مشل دوبارہ .. حویلی اگئ تھی

...اوکے تو کل رات میری طرف سے سب کو دعوت ..اور

.. کل ہی ڈیٹ بھی اناونس کر دیں گے "حیدر نے کہا تو ..سب نے حامی بھر لی

جبکہ عینہ کے کانوں میں اواز گونجی

کل رات "اسکا دل بیٹھ ہی گیا...

....

وہ کمرے میں ائ تو زرینہ اسکے ساتھ تھی.

اپ ارام کریں یہ میں لگا لوں گی" اسنے کہا ..تو زرینہ اسکے سر پر ہاتھ پھیرتی ..وہاں سے چلی گئ ..جبکہ وہ اس بات پر خوش تھی کہ اسکا اس سے سامنا نہیں ہوا... اور ریزلٹ کی خوشی تو اسکے انگ انگ سے چھلک رہی تھی اسنے مفلر گلے سے نکالا اور ..اپنے کپڑے کبرڈ میں لگانے لگی...

ابھی دو سوٹ ہی رکھے تھے کہ ..اسے احساس ہوا جیسے اسکے پیچھے کوئ اکھڑا ہوا ہو...

مشل... کے گرد مخصوص کلون کی سمیل پھیلنے لگی..

اسنے جیسے تھوک نگلا جس سے بچنے پر وہ خوش تھی ..وہ اسکے پیچھے کھڑا تھا...

مشل پلٹی نہیں .. تبھی اسے ..اپنی کمر پر ..ہاتھ رینگتے محسوس ہوے ..اسکی دھڑکنیں اتھل پتھل ہو گیئں...

مجھے گلے نہیں لگاوگی "اسکے بالوں میں سے کیچر نکال کر ..سارگل نے ..اسکے بال ..ایک شالڈر پر ..سرکا دیے...

وہ ایک بار پھر اسے ڈرا رہا تھا خود سے.

مگر وہ بھول گیا تھا ..دو سال کا عرصہ بیچ میں حائل ہے...

مشل ..نے اسکے ہاتھ جھٹکے ..اور کبرڈ کا دروازہ بند کر کے ..مڑی..

ہمم بیوٹیفل "سارگل نے ڈھائی سے کہا ..اسکی برڈز بھڑ گیئں تھیں...

کیوں آئیں ہیں میرے روم میں "مشل نے غصے سے کہا ..تو سارگل نے ..ائی برو اچکائی..

میری بیوی کا کمرہ ہے کیا پر عبلم ہے "وہ ڈھٹائی سے کہتا...

..بیڈ پر لیٹ گیا

"...کون سی بیوی ..شادی کرنے والے تھے اپ تو دوسری

جان سارگل .. غصہ کیوں ہو رہی ہے .ایکچلی میں نے اپنا ارادہ بدل لیا ..ہے... سوچ رہا ...ہوں ..اسے مثال خوبصوتی کو ..اپنی دولہن بنے دیکھو... "وہ مشل کے قریب انے لگا

..جبکہ مشل نے پاس سے فروٹ نائف اٹھا لی

....اینف سارگل خان... مزید ایک قدم بھی نہیں

اپکے موڈ پر نہیں چلنا مجھے... .اور نہ میں نے اپنا موڈ بدلا ہے... اپکی دولہن بننے کی مجھے ..کوئ خواہش نہیں... "وہ آنکھیں نکال کر بولی سارگل کے ماتھے پر بل سے ڈل گئے

کیوں مشل بیبی پڑھتے پڑھتے کسی ..اوازہ سے دل لگا بیٹھی ہو "..سارگل نے دانت پیس ..کر اسکی جانب دیکھا

..اب وہ اسے کیا بتاتا ..کہ دو سال میں ..اسکے دل کو... اسنے خوابوں میں اا کر کس طرح اپنے حق میں اتار کر اپنی محبت میں گرفتار کیا تھا ..اور اب تو سارگل کو اسکو دیکھ ے کے ..بعد بس یہ دل تھا کہ وہ اٹھا کر اسے اپنے کمرے میں لے جائے

..مگر یہاں تو کہانی ہی الگ تھی

..مشل نے اسکی جانب دیکھا

...ہاں... پسند ہے مجھے کالج میں ایک لڑکا" ..وہ کہہ گئ

..سارگل نے غصے سے اسکیطرف دیکھا

..جانتی ہو اپنے شوہر کے سامنے کھڑی ہو... "وہ غضب ناک ہوا

..اچھا "مشل ہنسی

..جس وقت مجھ پر پیسے پھینک کر وہاں سے بھاگنے کے لیے کہا تھا ..تب نہیں پتہ تھا ...کہ شوہر ہیں اپ میرے "اسنے .. بھی آنکھیں نکالیں

تبھی دروازہ بجا...

دونوں نے دروازے کی جانب دیکھا..

مشل چندہ دروازہ کھولو "حور کی اواز پر مشل اس جانب بڑھی...

تبھی سارگل نے اسے دبوچ لیا... اور... اسکی اوز بند کرنے کو ..اسکے لبوں پر قفل ڈال دیا...

کافی جنونی انداز میں... جبکہ باہر حور دروازہ بجا رہی تھی..

وہ اپنی من مانی کر کے اگلے ہی لمحے ہٹا..

تمھیں تو زمین میں گاڑ دوں گا میرے علاوہ کسی اور کے بارے میں سوچا بھی تو... تمھارے گرد صرف سارگل خان ہے... اور بس "اپنی حاکمیت ظاہر کرتا ..وہ پیچھلی کھڑکی سے لون میں اتر گیا..جبکہ مشل نے ..دانت بھینچ کر ..اسکیطرف دیکھا...

ہر بار نہیں "اسنے سوچا

...اور دروازہ کھول دیا .

. ...

....بیل بجی ..وہ جاگ رہی تھی

...اسنے فون اٹھایا ..دل کو جیسے معلوم تھا ..کہ یہ وہی ہو گا

..کہاں ہو "فون اٹھاتے ہی اسکی اواز ائ

...ک... کمرے میں "عینہ نے جواب دیا

..داود نے سگار کا دھواں ارد گرد اڑا دیا

میرے پاس او تمھیں دیکھنے کا دل کر رہا ہے "اسنے... کہا تو عینہ کے ہاتھ سے موبائل

...چھوٹتے چھوٹتے بچا

..م... میں اس ..اس وقت "اسنے گھڑی دیکھی... رات کے 3 بج رہے تھے

..ڈرائیور باہر کھڑا ہے

..دس منٹ ہیں تمھارے پاس "اسنے کہا ..تو عینہ ..کے ہاتھ پاوں کانپ اٹھے جبکہ اسنے
...فون بند کر دیا

..وہ بلکنی میں ائ تو اسے ہارن کی اواز سنائ دی

...بہت تیز تھا ..کوئ بھی اٹھ سکتا تھا ..یہ تو شکر تھا کہ ..چوکیدار بھی انگ رہا تھا

...جاو کے نہیں "..وہ ناخن کاٹنے لگی

کنفیوز سی ہو کر... ہاسی اسنہ میں دوسرا ہارن بجا ..اور بس عینہ گھبرا کر باہر کی جانب
... بھاگ اٹھی

...اس وقت اسے یہ ہارن روکوانا تھا ..خوف بھی تھا... دل میں

...مگر ..وہ چپکے سے ..باہر نکل گئ ..سامنے کے گیٹ کے بجائے پچھلے دروازے سے

...ڈرائیور نے اسکو دیکھا ..اور اسکے لیے دروازہ کھولا

..اسے عجیب شرمندگی ہوئ

...مگر وہ شخص اسے کوئ موقع ہی نہیں دے رہا

ادھے گھنٹے میں وہ اسکے کمرے کے سامنے کھڑی تھی باہر سے ہی وہ اسے... نظر ا رہا تھا...

..وہ سگار پی رہا تھا .. عینہ کو دھچکا لگا .. جبکہ کمرے میں معمولی اندھیرہ تھا

...عینہ کو یہاں اکر... ایکدم جیسے اپنی غلطی کا احساس سا ہوا

اسے اتنی رات گئے نہیں انا چاہیے تھا

...وہ پلٹتی اس سے پہلے ہی داود کے ہاتھ کی گرفت میں اگئ

...داود نے ایک جھٹکے سے اسے اندر کھینچ کر .. گلاس ڈور بند کر دیا

...عینہ کی سانس اتھل پتھل ہو گئ

د ..داود "داود... اسکے چہرے ..پر ..اپنی انگلی سے سطر کھینچتا ..جیسے اسے اپنے قابو میں کر گیا...

نکاح کرو گی مجھ سے "اسنے سوال کیا ..چہرہ اسکے چہرے کے نزدیک لے ایا ..جبکہ انگلی کی حرکت عینہ کے لبوں پر تھی..

عینہ کی سانس اٹک گئ... اسنے بے بسی سے داود کیطرف دیکھا...

نکاح ..کرو گی "دوسری بار سوال ہوا... جبکہ انگلی کی حرکت ..اب اسکی پلکوں پر تھی..

کہو ہاں"اسنے اسکے کان میں کہا..

عینہ... نہ جانے کیوں اسے انکار نہیں کر سکی...

اور اسنے اثبات میں سر ہلا دیا....

داود مسکرا کر پیچھے ہٹا..

اور دو قدم چل کر دوبارہ سگار کو لبوں سے لگا لیا..

سوچ لو ''..اسنے ..گھیری نظروں سے عینہ کو دیکھا...

عینہ بھی اسی کیطرف دیکھنے لگی..

نہ جانے کیوں اسے جیسے داود کا یہ ایک امتحان لگا..جیسے وہ اگر اس میں پاس ہو گئ تو پچھلی غلطیوں کے گناہ دھل جائیں گے..

بس ..سوچ لیا ''عینہ نے جواب دیا..

داود نے مسکرا کر سر ہلایا..

اور فون اٹھایا...

کوئ زبردستی نہیں ہے ''اسنے پھر سے کہا..

چاہو تو جا سکتی ہو ''عینہ اسکے نزدیک ائ..

ایسے کیوں کہہ رہے ہیں ''اسنے پوچھا ..تو ..داود کی آنکھیں اسکی آنکھوں میں گڑ گیئں کچھ جتاتی ہوئیں ..سی..

..عینہ نے آنکھیں پھیر لیں

..داود نے ہارون کو کال کی

...وہ تو اسکی بات پر حونک ہوا

..مگر ...جو اسنے کہا ..اسنے 10 منٹ میں سارے انتظام کر لیے

" مگر داود کے کان میں گھس کر ایک بار پوچھا ضرور کون ہے یہ ..کیاکر رہے ہو

...بہرام خان کی بیٹی "داود ..ہنسا... ہارون... .نے ایک پل کے لیے آنکھیں کھولیں

...اور ..بس وہ اسکے اگے ..تالیاں بجاتا ..وہاں سے چلا گیا

..عینہ یہ سب ..نہ سمجھی سے دیکھ رہی تھی

....کیا ہوا"داود نے ..اسکے گال پر ہاتھ رکھا

..عینہ نے ..اسکا ہاتھ پکڑ لیا

...اسے سمجھ نہیں ایا کیا کہے

ڈر لگ رہا ہے "داود نے ..پوچھا ..تو وہ سر اثبات میں ہلا گئ..

جبکہ آنکھیں بھی بھیگ گیئں....

تو چلی جاو" ..اسنے ..راستہ چھوڑا..

عینہ کو وہ اس وقت بہت ظالم لگا..

عینہ نے نفی کی تو وہ مسکرا دیا......

اور 15 منٹ صرف 15 منٹ میں وہ اسکے تمام جمہ حقوق کا مختیار بن گیا تھا.....

وہ خاموشی سے بیٹھا تھا جبکہ عینہ کی آنکھیں بھیگتی جا رہیں تھیں سب لوگ وہاں سے جا چکے تھے .. تبھی ایک ملازم ایا..

میڈیم کو انکے گھر چھوڑ دو "اسنے حکم دیا ..اور وہاں سے اٹھ کر ..وہ بیڈ روم کی جانب چلا گیا ..جبکہ عینہ... ادھے پورشن میں گیرے پردوں کو دیکھنے لگی.....

....

سر اگر اپ کو برا نہ لگے تو ایک بات کرنا چاہتا ہوں "وہ تقریبا روز ہی معاز کے پاس اتا تھا ..عابیر بھی وہیں بیٹھی تھی ..جبکہ معاز جو کافی کمزور ہو گیا تھا... اسنے اسکی جانب ..دیکھا

ہاں بیٹا بولو "اسنے کہا... وہ انکا محسن تھا ان مشکل حالت میں ایک بیٹے کی طرح اسنے انکی مدد کی تھی شاید دل میں گلٹ تھا کہ کہیں نہ کہیں اسکا ہاتھ بھی تھا ..داود کے گمشدہ ..ہونے میں جبکہ بڑی وجہ فیزا تھی

...فیزا دروازے کے باہر کھڑی ..اسکی بات سن رہی تھی

سر ..میں فیزا سے شادی کرنا چاہتا ہوں "مراد نے بنا لگی لپیٹی کے بات شروع کی... تو ایک پل کو معاز اور عابیر ایک دوسرے کو دیکھ کر رہ گئے معاز کی یہ بہت خواہش تھی کہ فیزا اور داود کی شادی کر دی جائے اور فیزا اسکی آنکھوں کے سامنے رہے مگر ..شاید یہ

خواہش پوری نہیں ہو سکتی تھی ..اور کب تک ..کب تک وہ بچی ان دونوں کا بوجھ ..اٹھاتی

بیٹے یہ باتیں اسطرح تو نہیں ہوتیں... والدین آئیں اپکے ..تو پھر فیزا کی رضامندی کے ..بعد ہی میں کوئ فیصلہ کروں گا "معاز نے ہلکی پھلکا سی اپنی امادگی کا اظہار کر دیا

جبکہ مراد کو تو جیسے ہفت کلیم ہاتھ لگ گیا ہو ..اسکے چہرے پر خوشی دیکھنے لائق تھی

کیوں نہیں سر ..کل ہی میں اپنے پیرنٹس کو بھیج .دو گا "اسنے کہا ..جبکہ عابیر بھی مسکرا ...دی

حالات ..وقت ..سب میں ڈھلاو لے ایا تھا ..اب کہاں وہ انا باقی تھی ..یہ ضد ..اب بس خوشیوں کی منتظر تھیں آنکھیں اور مراد ان دونوں کو ہی پسند تھا ..فیزا کے لیے بھی ..اچھا لگا ..مگر فیزا کی مرضی کے بغیر وہ کچھ نہیں کرنا چاہتے تھے

..کچھ دیر بیٹھ کر ان کے ساتھ گپ شپ لگا کر وہ وہاں سے اٹھا تو بے حد خوش تھا

...فیزا ..اسے برانڈے میں ہی دیکھ گئ وہ کھا جانے والی نظروں سے مراد کو دیکھ رہی تھی

غالبا اپ کوئ اعتراض نہیں کریں گیں "اسنے مسکرا کر کہا...

اعتراض ہی اعتراض ہی مراد صاحب اپکو کیا لگ رہا ہے یہ مہربانیوں کی قیمت میں ہوں گی تو بھول ہے اپکی "اس نے غصے سے کہا .. مراد ایک پل کو حیران ہوا جبکہ اگلے ہی لمحے اسنے غصے سے اسکا بازو پکڑ کر اپنے قریب کیا..

پاگل ہوگئ ہو میری محبت کو قیمت سمجھ رہی ہو .. دماغ ٹھکانے ہے یہ لگا دوں میری نرمی کا ناجائز فائدہ اٹھا لیا ہے تم نے "وہ اپنی اصلیت پر اترا .. فیزا ایکدم اس سے خوفزدہ ہوئ تھی...

اپنے دماغ میں بیٹھا لو اج نہیں تو کل تمھیں مسیز مراد ہی بننا ہے...

سیدھی طرح بن جاو ٹھیک ہو گا .. ورنہ .. الٹے طریقے شاید تمھیں پسند نہ آئیں "غرا کر بولتا وہ اسکے پاس سے نکل گیا .. کل کیا بھیجنا تھا اسنے اج ہی مما بابا کو بھیجنے کا فیصلہ کر لیا تھا...

..حویلی ادھے گھنٹے کی ڈرائیو کر کے... پھنچا ..تو وہاں فنکشنز کی تیاریاں شروع تھیں اج مشل کے انے کی خوشی میں جہاں دعوت تھی وہیں صارم اور ایشا کی ڈیٹ فیکس کی جانی تھی وہ جانتا تھا ..ایشا کی شادی کی وجہ سے اسکے ماں باپ مصروف ہوں گے مگر اسکا ....کام بھی قیمتی تھا اور اچھا ہی تھا اسکی شادی بھی جلد از جلد ہو جاے

.. تاکہ وہ اس لڑکی کا دماغ ٹھیک سے ٹھکانے لگائے

..معاویہ کے روم کا دروازہ بجا کر ..وہ روکا اور اجازت ملنے پر اندر داخل ہوا

تو ..معاویہ فون پر بات کر رہا تھا جبکہ انوشے ..اج کے فنکشن کے لیے ڈریس نکال رہی تھی ..

...او بیٹا بیٹھو'' انوشے نے کہا تو وہ بیٹھ گیا

..معاویہ کے فارغ ہوتے ہی اسنے ..اسکو ساری بات بتا دی

..فیزا... یعنی معاز کی بھانجی اس سے شادی کرنا چاہتے ہو تم ''معاویہ کو حیرت ہوئ

..جی ہاں'' .مراد نے کہا

وہ کبھی نہیں مانیں گے بیٹا جی جو تم لوگوں نے انکے بیٹے کے ساتھ کیا .اور جو کچھ ہو چکا ہے دو سال پہلے ..وہ بلکل حامی نہیں بھریں گے .بھول جاو"معاویہ چونکہ کچھ نہیں ...جانتا تھا تبھی خود ہی اعتراض کرتا بولا

انھیں کوئ پروبلم نہیں ہے اپ پلیز اج ہی چلے جائیے "مراد نے کہا .تو معاویہ سمیت ...انوشے نے بھی دیکھا

تم اتنے یقین سے کیسے کہہ سکتے ہو "معاویہ نے الجھ کر پوچھا... تووہ رفتہ رفتہ انھیں ...سب بتاتا چلا گیا

..دونوں ہی خانوش ہو گئے

میں بس یہ جاننا چاہتا ہوں اپ لوگوں کو تو کوئ ایشو نہیں ہے کہ تایا سائیں... کی وجہ ..سے ..کوئ ..فیزا کے خلاف ہو"..اسنے یہ بات پوچھنا بھی ضروری سمجھی

نہیں بیٹا .وہ تو معصوم لڑکی ہے اسکا کیا قصور ہے ان سب میں .یہ تو بڑوں کی اپسی ...جنگیں ہیں

اور جب انھوں نے اپنا دل بڑا کیا ہے تو ہمیں کیا مسلہ ہے اچھا ہے دونوں فیملیز کے ..اپسی تعلقات بھی اچھے ہو جائیں گے ''انوشے نے کہا تو مراد مسکرا دیا

.. تھنکیو مما ''اسنے ماں کو پیار کیا ..جبکہ معاویہ پرسوچ نظروں سے بیٹے کو دیکھ رہا تھا

زیادہ مت سوچیں بس ..دولہن بنا کر اسے یہاں لے آئیں باقی سب کام میرے ہیں ..اسنے کہا تو ..معاویہ ..نے .. مسکرا کر اسکیطرف دیکھا''

..بہت دولہا بننے کا شوق چڑھ رہا ہے''وہ ہنسا

افکورس تیس کا ہو گیا ہوں بھئ''مراد سمیت انوشے بھی ہنسی

....

مراد کی ضد پر معاویہ اور انوشے سب کو بتا کر... مراد کا رشتہ لینے چلے گئے جبکہ انکے ...ساتھ ارمیش بھی گئ تھی

بہرام نے اسے نہیں روکا تھا...

شاید اسی طرح وہ اس سے راضی ہو جائے کیونکہ پچھلے دو سالوں میں ارمیش وہ ارمیش لگتی ہی نہیں تھی...

فیزا کے لیے یہ سب حیرت انگیز تھا..ابھی کچھ دیر پہلے وہ گیا تھا اور فورا ہی اسنے ..سب کو بھیج دیا....

معاز تو تزبزب کا شکار تھا...

تم ٹھیرو میں پوچھتی ہوں ..بچی کی رائے کے بغیر ہم کوئ فیصلہ نہیں کر سکتے "عابیر نے کہا تو معاویہ نے سر ہلایا..

عابیر اتنی اچھی... کیسے ہو سکتی ہے ..اسنے ایک منٹ کو سوچا...

اور پھر مسکرا دیا....

سب بدل جاتا ہے وقت کے ساتھ سب....

فیزا بیٹا... .تم سب جان تو گئ ہو ..بتاو تم کیا چاہتی ہو ..کوئ زور زبردستی نہیں ہے بیٹا ....جو تم فیصلہ کرو گی وہی ہو گا... مگر ایک بات یاد رکھنا بچے

تم زمہ داری ہو ہماری... اور مجھے اور تمھارے مامو دونوں کو ہی مراد پسند ہے... .اچھا ....لڑکا ہے

....ضرور وہ تمھیں خوش رکھے گا

اور تمھاری زمہ داری سے ہم سکبدوش ہوں... جلد از جلد اس سے بڑھ کر اور کیا بات ہو گی... داود ..تو نہ جانے کہاں چھپ گیا ہے... .اسکا انتظار... بے کار ہے" ..وہ خاموش ہوئ تو فیزا نے اسکی نم آنکھیں دیکھیں... .وہ بہت مظبوط عورت تھیں اسے ....اج محسوس ہوا

....اور نہ جانے کیسے... .شاید ان انسو کی لاج رکھ لی اسنے ..اپنی حامی دے دی

اور اسکے بعد عابیر کی آنکھوں کی خوشی دیکھ کر ..اسکے لب بھی مسکرائے ..ان دو سالوں ..میں شاید پہلی بار اسنے اسے اتنا خوش دیکھا تھا

ماشاءاللہ ماشاءاللہ... اللہ مبارک کرے" ..اسکو پیار کر کے... وہ باہر نکل گئ جبکہ روشی بھی خوشی سے اچھلتی باہر چلی گئ ..اور فیزا ایکدم بیڈ پر گیری ..آنکھوں کے اگے ..مراد اور لیلا کا منظر گھما....

معاف تو میں کبھی نہیں کروں گی تمھیں "اسنے دانت کچکاتے ہوئے سوچا.....

....

بہت خوب بیٹے بہت خوب ..منگنی شادی سب کرا لوں ایک میں لٹکا ہوا ہوں دو سال کا شادی شدہ پلس ابھی تک کوارہ "..مراد کی خوشی کی انتہا نہیں تھی جب سے اسکو پتہ چلا فیزا نے حامی بھر دی ہے جبکہ سارگل پکا چیڑہ بیٹھا تھا...

خیر ..کوارا کہنا خود کو... نہیں فضول بات ہے جس مقصد کے لیے تم نے شادی کی تھی وہ تو پورا کر ہی لیا تھا ڈھٹائ سے "مراد نے گھور کر اسکو دیکھا..

اچھا بھئ بیوی تھی میری میں نے کچھ بھی کیا .اب جب میں رخصتی چاہتا ہوں تو اس میں اکڑنے والی کوئ بات ہے بھلہ "سارگل نے کہا تو مراد نے تالی بجائ..

مگر تم اکڑو تو کچھ نہیں مقابل نے انکار کیا تو انا پر لگ رہی ہے کمال ..ڈھائ سال تم نے اس معصوم لڑکی کا خون پیا ہے"

جھوٹ ہے سرا سر اگر اتنا ہی پیا ہوتا تو دو تین چنو منو کھیل رہے ہوتے بھائ کے گرد"اسنے دانت نکال کر کہا تو ..مراد نے اسکی کمر پر مکہ مارا....

بیہودگی کے ریکارڈ توڑ دو تم "مراد چیڑا...

اب اس میں بیہودگی کہاں سے اگئ "سارگل نے کمر سہلاتے ہویے کہا...

مراد اسکو گھورتا رہا....

ایسے نہیں چلے گا تمھاری شادی ہوگی تو میری بھی ہوگی ورنہ اس منحوس صارم کی بھی نہیں ہونے دو گا"سارگل نے اٹھتے ہویے دھمکی دی..

اس میں میرا کیا قصور ہے "وہ پیچھے ہی ادھمکا..

تو تو اپنا منہ بند رکھ ..زہر لگ رہا ہے شرم نہیں ایے گی بڑے بھائ کنوارے بیٹھیں خود ..گھوڑی چڑھے گا" ..سارگل نے تپ کر اسکی گردن دبوچی

بھائ میرا نام اس کنوارے پن سے نکالو... ڈیٹ فیکس ہوگی میری بھی اج" ..مراد ..ہاتھ جھاڑتا... اٹھا تو صارم بھی جان بچا کر اس سے نکلا

اللہ کرے .. تم دونوں کے گھوڑے کی ٹانگیں ٹوٹ جائیں مولوی بیمار پڑ جائے ..کالام میں سیلاب ا جایے... منحوسو بخشوں گا نہیں "اسکے چلانے کا کوئ بھی اثر لیے بغیر وہ دونوں ....اندر چلے گئے جبکہ وہ .. مشل کی گردن دبا دینا چاہتا تھا

اسنے بہرام کو زبردستی حیدر کے پاس رخصتی کی بات کرنے کے لیے بیھجا تھا ..مگر مشل نے صاف انکار کر دیا تھا کہ وہ رخصتی نہیں چاہتی .. تبھی سارگل کی جان پر بن رہی ....تھی... اور سب نے مشل کی بات کو پوری پوری اہمیت بھی دی تھی

....

وقت گزر رہا تھا... شام ہونے کو ائ تھی بڑی حویلی سج اٹھی تھی... سب تیار ہو ہو کر لون میں جا رہے تھے...

فنکشن کمبائین تھا کیونکہ گھر گھر کے لوگ تھے...

مشل نے وائٹ شورٹ فراک اور وائٹ ہی پلازو پہنا ہوا تھا جبکہ اسکا نازک سراپا سفید کمدار لباس میں سارگل پر تو ظلم ہی کر رہا تھا اور خود بھی وائٹ کرتا شلوار میں ملبوس تھا.. اور مشل کے گرد ایک سو ایک گارڈ دیکھ کر وہ کڑھنے کے سوا کچھ نہیں کر سکتا تھا...

جبکہ مراد جو براون کرتا شلوار میں ملبوس تھا .. بے چینی سے فیزا کا انتظار کر رہا تھا کیونکہ معاویہ ان سب کو اج کی دعوت میں مدعو کر کے ایا تھا... مگر افسوس کی بات تھی کہ فیزا کے علاوہ سب ائے تھے...

اور ان سب کو ارمیش بے حد پروٹوکول دیے رہی تھی .. بہرام ارمیش کو خوش دیکھ کر خوش تھا نہ ہی اسنے عابیر کو دیکھ کر کوئ ریسپونس دیا تھا نہ ہی عابیر کی جانب سے .کوئ ریسپونس ایا تھا .. دونوں کی لیے ایک دوسرے کا ہونا یہ نہ ہونا برابر تھا....

صارم جبکہ ہواوں میں اڑ رہا تھا کیونکہ ایشا اوربینج کلر کے ڈریس میں بے حد پیاری لگ رہی تھی اور جلد ہی انکی شادی کی ڈیٹ کے ساتھ مراد کی شادی کی ڈیٹ بھی اناونس ہونی تھی...

مگر ان سب میں کوئ تھا ..جو سیاہ گولڈن کام کے لباس میں سب سے الگ تھلگ کھڑی تھی....

کیونکہ جس تیزی سے گھڑی کی سوئ اٹھ کے ہندسے کیطرف جا رہی تھی عینہ کی جان پر بن رہی تھی...

کھلی پریشان پریشان سی زلفیں جبکہ لائٹ بوجھل بوجھل سا میکپ اور اسپر بس براون لیپسٹک ..وہ پوری محفل کی جان بنی کھڑی تھی مگر سب سے الگ ..ہاتھ میں موبائل تھامے... بے حد کنفیوز...

ہیلو "پیچھے سے اتی اواز پر وہ پلٹی ..سامنے بلیک ہی ڈنر ڈریس میں کوئ کھڑا تھا وہ اسے نہیں جانتی تھی..

ہیلو "اسنے اہستگی سے کہا...

میرا نام مہد ہے... "اسنے ہاتھ اگے بڑھایا...

مگر عینہ اسکا ہاتھ نہیں تھام سکی انکی کلاس میں یہ عام بات تھی مگر .. اسے ایسا لگا داود دیکھ رہا ہو اور اگر اسے پتہ چل گیا .. تو وہ ضرور یہ تو اسے مار دے گا .. یہ اس سے دور چلا جایے گا جو وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی...

اسنے بس سر ہلا دیا .. مہد نے مسکرا کر ہاتھ ہٹا لیا..

اپ کچھ پریشان سی لگ رہیں ہیں "اسنے کہا تو عینہ کا دل کیا رو دے .. پہلے وہ پریشان تھی اور اوپر سے .. یہ ادمی بلاوجہ اس سے باتیں کر رہا تھا...

ج .. جی نہیں میں .. بس میری طبعیت نہیں ٹھیک "عینہ نے کہا .. اور اپنی جانب اتے بہرام کو دیکھا...

عین اپ ملی ہو مہد سے "بہرام نے مسکرا کر عینہ کو اپنے حصار میں لیا..

جی ڈیڈ "عینہ نے اثبات میں سر ہلایا...

مہد مسکرا دیا...

بھئ میری چڑیا کی کچھ طبعیت نہیں ٹھیک .. تبھی گم سم سی ہے ورنہ سب سے زیادہ چہکتی ہے "بہرام نے .. مسکرا کر مہد سے کہا ..تو وہ ہنس دیا...

" جی انھوں نے ابھی بتایا ہے کہ انکی طبعیت نہیں ٹھیک

عینہ کو یہ سب باتیں بے کار لگ رہیں تھیں وہ موبایل کو گھور رہی تھی ..اور اچانک ہی موبائل بجا... تو نمبر ان نون تھا...

وہ اچھل اٹھی...

وہ جانتی تھی وہ کون ہے اور اسنے شکر ادا کیا کہ ..جس نمبر پر اسنے اسکا نام سیو کیا تھا اس سے کال نہیں تھی...

یہ کوی اور نمبر تھا اگر وہ ہوتا تو لازمی بہرام دیکھ لیتا کیونکہ وہ اسے اپنے حصار میں لیے کھڑا تھا..

ایکس ..ایکسکیوز می"وہ مدھم اواز میں بولی تو دونوں نے سر ہلایا اور وہاں سے چلے گئے..

جبکہ عینہ سے کال ہی نہیں پیک ہو رہی تھی وہ کتنا ڈر گئ تھی اس سے ..وہ حویلی کے اندر اپنے روم میں اگئ...

..کال دوبارہ ائ ..تو اسنے کال پیک کی

...ڈنر از ریڈی عینہ ڈالنگ

شادی کے بعد کا پہلا ڈنر ..اور اپکا شوہر بے تابی سے اپکا انتظار کر رہا ہے"وہ گھمبیر اوز میں بولتا ..عینہ کے وجود میں سنسنی دوڑا گیا...

...عینہ ناخون کاٹنے لگی

..وہ بری طرح گھبرائ تھی یہاں تو فنکشن تھا ..اور وہ کیسے کیسے جالیے گی

..د ..داود "اسکا لہجہ بھیگا

...نو ..کوئ بھانہ نہیں ..ابھی اور اسی وقت میرے پاس او... "حکم دیا

..داود گھر میں فنکشن ہے... مراد لالا اور صارم لالا کی ڈیٹ فیکس ہے ..م ..میں کیسے ...میں ..کل ..ا جاو گی" ..اسنے اہستگی سے ..کہا... جبکہ... پیچھے سے گھیرہ سانس لیا گیا

..اوکے میں اتا ہوں "بس اتنا کہا گیا

نہیں نہی داود اپ یہاں اگئے تو قیامت ا جایے گی ..پلیز اپ ایسا مت کریں "وہ ایکدم ..کھڑی ہو گئ

دوسری طرف داود نے سگار لبوں میں لے کر گھیرہ کش بھرا تھا... جبکہ لب مسکرائے تھے

...پھر تم ا جاو "وہ نارملی بولا

...عینہ کی سسکیاں وہ سن رہا تھا

...مگر کچھ نہیں بولا

میں ..کیس ..کیسے "اسنے موبائل کان سے ہٹایا ..اور انسو صاف کیے ..کال بند ہو گئ تھی ...

..وہ یہاں ا جاتا اور یہ بات کہ وہ اسکے نکاح میں ہے ..اایک بڑا طوفان لے اتی

..اسے خود ہی کچھ کرنا تھا ..وہ اٹھی ..اور دوڑتی ہوئ نیچے ائ

..تو اسے ایشا نظرا ئ ..جو اسے ہی ڈھونڈ رہی تھی

عینہ کہاں چلی گئ ہو یار ڈیٹ ان ناونس ہو رہی ہے اور تمھاری کوئ خبر نہیں "ایشا نے
..کہا ..تو عینہ نے ..ایشا کو پیچھے کیطرف کھینچا

ایشا میری بات سنو میں پچھلے دروازے سے ..اپنی گاڑی میں جا رہیں ہوں کہیں ..میں
جلد اوگی

تم بس یہاں سمبھال لینا سب کچھ بھی کچھ بھی کہہ کر ..میں میں اتی ہوں "اسنے کہا .
..ایشا کا تو منہ کھل گیا

یہ کیا بولے جا رہی ہو کہاں .جا رہی ہو اس وقت "..وہ اسکے پیچھے ای... جبکہ عینہ نے
..سرخ آنکھیں اسکیطرف اٹھائ

داود کے پاس "ایشا ایکدم دور ہوئ

....داود" بے ساختہ اسکے منہ سے نکلا

..ہاں مگر تم کسی کو نہیں بتاو گی "اسنے اسے تنبھی کی

" ...مگر عینہ

...وہ کچھ کہتی کہ عینہ باہر نکل گئ

....

...وہ نہیں جانتی تھی وہ کس جگہ پر رہتا ہے

تبھی گاڑی میں بیٹھ کر وہ بری طرح رو دی ..ڈر لگ رہا تھا ..اسکا دل پتے کیطرح کانپ رہا تھا..

...مگر خود ہی اپنے انسو صاف کیے

..تبھی اسکا فون بجا

اب بھی نمبر مختلف تھا...

اسنے کال پیک کی..

تمھاری گاڑی کے پیچھے میرا ڈرائیور ہے اسکی گاڑی میں بیٹھ جاو''بس اتنا کہا اور فون بند کر دیا...

عینہ خاموشی سے گاڑی سے اتر گئ....

اور پیچھے اسکی گاڑی میں بیٹھ گئ..

دس منٹ میں وہ اسکے کمرے کے سامنے کھڑی تھی...

گلاس وال سے اندر کا نظارہ دیکھ رہا تھا...

اندر کنڈلز اور گلاب کے پھولوں سے عجب ماحول دیا ہوا تھا..کہ عینہ کا اپنی ٹانگوں پر کھڑا ہونا مشکل ہوگیا..جبکہ وہ خود..نائٹ گاون میں چئیر پر بیٹھا جھول رہا تھا..سگار بھی ساتھ ساتھ جاری تھی..

...داود نے اسکیطرف چہرہ موڑا

...اسکی آنکھیں سرخ تھیں اسے دور سے ہی لگا

..جبکہ اچانک ہی کمرے میں تمام روشنیاں بوجھ گیئں

...داود گم ہو گیا تھا ..اندھیرہ ہو گیا تھا چارو طرف

...وہ دروازہ بجانے لگی

...دروازہ کھلا ..اور کسی نے اسے اندر کھینچ لیا

داود"عینہ نے اس اندھیرے میں اسکی شناخت کرنا چاہی... اور پھر مدھم سی ..دو تین کنڈلز جلنے لگیں جس سے ..اسے داود کا چہرہ دھنلا سا دیکھا جو اسکے چہرے کے بے حد قریب تھا...

....داود... .مج ..مجھے ڈر لگ رہا

...عینہ کے لفظ ..چن لیے گئے تھے

...مزید وہ بول نہیں سکی

...شیشے کی گلاس وال سے .. لگی ..وہ مقابل کے جنون کو سہہ رہی تھی

...پھولوں کی مہک نے جیسے نئے سیرے سے انکا احاطہ کر لیا تھا

...کمرے میں خاموشی کا دورانیا بڑھنے لگا

..جبکہ عینہ کے لیے یہ لمحات .. خوف کے زیر اثر تھے

...وہ اپنی مرضی سے اس سے دور ہوا

....ویلکم ٹو مائے وارلڈ" مدھم اوز میں کہہ کر اسنے انگوٹھے کی مدد سے عینہ کے رخسار کو چھوا

... عینہ بڑی بڑی آنکھوں اے اسکی صورت تکنے لگی

....مگر بولی کچھ نہیں... تبھی داود نے .. جھک کر اسے... اپنے بازوں میں بھر لیا

... عینہ .. کا وجود کانپ رہا تھا ..داود مسکرا دیا

... عینہ نے... ہونٹوں کو دانتوں تلے دبا لیا

جبکہ داود نے اسے ..گول میز کے گرد پڑی ..کرسی پر بیٹھایا ..اور ایک بار پھر معمولی... سا ..اسپر حملہ کیا ..جس پر وہ سٹپٹائ

...کہا تھا نہ یہ میرے غلام ہیں "اسنے ..کہا تو عینہ کا چہرہ سرخ ہو گیا

جبکہ وہ اسکے سامنے بیٹھنے کے بجائے ..بلکل اسکے ساتھ بیٹھ گیا ..چئیر کھینچ کر ایسے ...کے ..عینہ ..خود میں سمٹنے لگی

د... داود "عینہ نے فوک کیطرف دیکھتے ہوئے سوال کیا ..جس میں چکن کا پیس پھنسا ...تھا اور داود اسکے منہ میں ڈال رہا تھا

...یس بیوٹی "عینہ نے لقمہ لیا... اور اسی فوک سے داود نے بھی کھایا

اسکی توجہ پلیٹ کیطرف تھی

اپ ..اپکو مجھ پر غصہ نہیں اتا"اسنے کچھ جھجھکتے ہوے پوچھا اور فوک کا لقمہ لیا

...میرا غصہ برداشت کر لوگی عینہ"داود نے سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھا

....عینہ کو اسکی آنکھوں سے شرمندگی ہوئ

..اور اسنے نفی میں سر ہلا دیا

..پہلے اسے اسکا یہ سرد انداز نہیں برداشت ہو رہا تھا ..کجا کہ غصہ

..داود مسکرا دیا

...پھر پوچھ کیوں رہی ہو "اسنے پھر سے لقمہ اسکے منہ میں دیا

اپ ..اپ نارمل نہیں لگ ..لگتے "اسنے اپنے ہاتھوں سے ایک پیس اٹھا کر داود کے
..منہ میں ڈالا... تو داود نے ..اسکی نازک انگلیوں کو دانتوں تلے دبا لیا

...اہ "عینہ سسکی

....وہ مسکرایا... پھر چھوڑ دیا

..ابنارمل کہہ رہی ہو "وہ سنجیدہ ہوا

ن ..نہیں "عینہ نے فورا نفی کی

تم بھی تو ویسی نہیں ہو ..یہ گلے میں چین ..یہ ہاتھوں میں بریسلٹ ..یقیناً والد صاحب کا انعام ہے "اسنے معمولی سی نظر اسکی گردن پر ڈال کر اسکے منہ میں بائٹ دی ..اور .. خود کھانے لگا

.. عینہ کو وہ دن یاد ایا جب اسنے اسکی چین توڑ دی تھی

ی ..یہ ڈیڈ نے ..بی ..ایس سی کے ریزلٹ ..پر د ..دی تھی "اسنے بتایا ..تو داود نے سر ...ہلایا ..کہا کچھ نہیں

م... میں اتار دیتی ہوں "اسنے کہا تو ..داود نے کوئ ایکشن نہیں لیا ..عینہ نے چپ ....چاپ وہ چین اور بریسلیٹ اتار دیا

...داود اسے لقمے دیتا رہا

...وہ کھاتی رہی اسکیطرف دیکھتی رہی

وہ حد سے زیادہ ہینڈسم ہو گیا تھا ..کہ نظر ٹک سی جاتی تھی

..کیا ..دیکھ رہی ہو "داود نے نگاہ اتھائ جبکہ عینہ نے گھبراہ کر گیراہ لی

ک ..کچھ نہیں "اسنے فورا نفی کی...

داود مسکرایا ..اور فوک چھوڑ دیا...

عینہ نے فوک کی جانب دیکھا ..اسے بھوک لگی تھی ..کیونکہ وہ اسی پریشانی میں صبح سے کچھ نہیں کھا پائ تھی مگر حمت نہ ہوئ مزید کہنے کی...

باتیں کرو "اسنے ..اسکے بلکل نزدیک ہو کر... گردن میں اپنا چہرہ کر کے مدھم اواز میں کہا..

عینہ... کے لیے یہ لمہات نا قابل برداشت ہوئے..

کیا ہوا "داود نے تیوری ڈالی..

ک ..کچھ نہیں ..وہ میں کچھ سوچ رہی تھی بس "عینہ نے کہا ..داود سیدھا ہو گیا..

کیا "سوال کیا اور خود ہی بائٹ لی..

عینہ نے ایک نطر دیکھ کر سر جھکا لیا..

اپ... اپ داود اپ ..اپنا غصہ نکال لیں مگر ایسے مت ہوں ''اسنے کہا تو آنکھیں گیلی ہو گئیں جبکہ... اسکا ہاتھ بھی پکڑا..

اچھا ''وہ ہنسا....

چلو پھر ''وہ اٹھا... ٹیبل کی کینڈل بھجائ..

عینہ کی آنکھیں کھولیں....

جو اسے سمجھ ا رہ اتھا کیا وہ ہونے والا تھا...

داود نے اسکی جانب ہاتھ بڑھایا ..لب مسکرا رہے تھے... عینہ نے کانپتا ہاتھ اسکے ہاتھ میں رکھ دیا...

لگلے دن کی صبح... اج کی رات کے راز چھپائے ہوئے ہو گی... ''اسنے گھمبیر اواز میں کہا... اور عینہ کو بیڈ پر لیٹایا ..جبکہ... وہاں کی کینڈلز سب بجھ گیں تھیں... داود نے پردے گیراہ کر کمرے میں مزید اندھیرہ کیا..

داود مجھے ڈر لگ رہا ہے ..پلیز یہ سب "..اسنے اٹھنا چاہا... داود نے ..ہاتھ پکڑ لیا جبکہ خود ..بیڈ پر گیرہ

..کہا نہ اس رات کے راز ..اگلی صبح بھول جانا "اسنے اسے اپنی جانب کھینچتے ہوے کہا

..عینہ سسکنے لگی

..داود کے سینے پر سر رکھے ..وہ سسک رہی تھی

....داود نے کوئ پیش قدمی نہیں کی

..عینہ نے سر اٹھایا

..داود آنکھیں بند کیے لیٹا تھا

...اپ... اپ ..مجھے ڈرا رہے تھے نہ بس "اسنے انسو صاف کرتے ہولیے کہا

...میں اپنے قول سے نہیں پھیرتا... "وہ ایکدم اٹھا... اور عینہ ..کو پیچھے گیرہ دیا

...جبکہ وہ اسے مکمل اپنے قبضے میں کر چکا تھا ..کہ عینہ کی دم مارنے کی ہمت نہ ہوئ

...داود کی سرگوشیاں اسے اپنے کانوں میں سنائ دے رہیں تھیں

جبکہ اسکا ہر عمل ..عینہ کو دنیا سے بہت دور لیتا جا رہا تھا ..کہ وہ سب... پس پشت

....ڈال رہی تھی

..رات کی تنہائی ..اسپر مسکرائ تھی

....جبکہ... اسکی محبت بھی

....گزرتے ..لمحوں کو ..اور اسکے سوے ہوئے وجود کو دیکھ کر

...وہ سویا نہیں تھا

..اسکا سر ..سینے پر رکھے... وہ اگلی ادھی رات بھی جاگتا رہا

.جبکہ عینہ بے ہوش سو چکی تھی

کچھ دیر ..بعد اسنے سگار کو ..ایش ٹرے میں مسلہ اور اسکا وجود بانہوں میں بھر کر ..اسنے ..گاڑی میں ڈالا ..اور حویلی کی جانب نکل گیا

....

وہ دانت بھینچے ..حویلی کے باہر گاڑی میں بیٹھا تھا جبکہ عینہ کا سر ڈھلکا ہوا تھا ..بہت ...سہولت سے اسنے اسے لیٹایا تھا کہ وہ اٹھ نہ سکے

....مگر وہ یوں ہی گاڑی روکے کھڑا تھا ..کہ صبح کی کرنیں اسمان پر پھیلنے لگیں

...سیاہی سے نکلتی نیلاہٹ داود نے اپنی آنکھوں سے پہلی بار دیکھی

... تبھی عینہ کے وجود میں حرکت ہوئ... اور اسنے سر ہلا کر

چہرہ موڑا... اور خود سمیت داود کو گاڑی میں اور پھر حویلی کے باہر دیکھ کر... اسکے جیسے ...قدموں تلے زمین نکلی تھی

...وہ جھٹکا کھا کر اٹھی

...داود نے اسے سرخ نظروں سے دیکھا

اتنی ارام دہ نیند اچھی نہیں ہوتی..." .وہ سٹیرنگ کو سختی سے تھامے اسکی جانب دیکھ رہا تھا...

...عینہ کے دل کی دھڑکنیں کسی انہونی کا احساس دلا رہی تھی

....اسے... داود کی آنکھیں جیسے جتا رہیں تھیں

....اسکی آنکھیں پل میں بھیگتی چلیں گیئں

کیا وہ اسے بدنام کر دے گا... ہاں وہ بدلا لے گا بلکل اسی طرح بدلہ لے گا اسنے بھی تو بھرے مجمعے میں اسکا ساتھ چھوڑا تھا...

..اب وہ بھی اس سے بدلہ لے گا

عینہ کی سرخ آنکھوں میں داود نے اپنی آنکھیں گاڑیں ہوئیں تھیں دونوں ہی ساتھ گزارے حسین پل جیسے فراموش کر چکے تھے ..باقی تو بس بدلہ رہ گیا تھا ...

داود نے اسکا ہاتھ غصے سے جکڑا ..کہ عینہ سسک اٹھی....

چلی جاو "اسنے کچھ دیر بعد اسکو چھوڑ دیا جبکہ گاڑی سٹارٹ کر لی..

عینہ نے حیرت سے اسکیطرف دیکھا ..جبکہ اسے اپنی سوچ پر شرمندگی تو ہوئ الگ بات تھی ..ایک بار پھر اسنے اسے ..بے اعتباری تھما دی تھی..

د ..داود "اسنے بات کرنا چاہی..

میں نے کہا جاو .. صبح ہو جائے گی کبھی یہ تمھاری آنکھوں کی زبان حقیقت کا روپ نہ دھار لے "وہ سختی سے آنکھیں نکال کر بولا... تو عینہ رونے لگی....

اسے نہیں سمجھ ا رہی تھی داود... اسے ایک لمحے میں پریشان کرتا تھا ..پھر ..اسکا ساتھ دیتا تھا...

مگر عینہ کے اندر کا خوف اسکا ساتھ نہیں چھوڑ رہا تھا..

وہ خاموشی سے گاڑی سے نکلی ..اور جس طرح .. پیچھلے دروازے سے ائ تھی اسی طرح ..اندر چلی گئ

یہاں تک کے داود دور کھڑا اسے دیکھتا رہا ..اور پھر ..تیزی سے گاڑی گھما کر ریورس کر ...لی

....

حویلی میں دھوم دھام سے جیسے شادی کی تیاریاں شروع ہو گیئں تھیں کون نہیں تھا .جو ...اپنے کام میں پانی تیاری میں مگن نہیں تھا

..جبکہ بس ایک سارنگل تھا... جو کڑھ رہا تھا

اج وہ لیٹ اٹھا تھا... سنڈے کے باعث کام پر بھی نہیں جانا تھا تبھی سب گھر پر ...تھے

اسنے ناشتہ کیا... تو ٹیبل پر قسمت سے اس وقت کوئ نہیں تھا ..وہ اٹھنے لگا تھا کہ ...سامنے سے مشل ائ

وہ شاید خود بھی دیر سے اٹھی تھی ..اور ارد گرد بھی کوئی نہیں تھا... مگر سامنے سارگل کو دیکھ کر

وہ دوبارہ کمرے میں جاتی کہ سارگل نے اسکو ایک لمحے میں جکڑا اور ..اسی کے کمرے .. میں لے گیا...

جبکہ مشل نے خود پر افسوس کیا...

اچھی بھلی وہ اس سے بچی ہوئی تھی او [illegible]

مجھے لگتا ہے میں روبوٹ ہوں اپ نے جو کہہ دیا میں نے وہ کر دیا ..تو یہ بھول ہے اپکی ..اپ نے ایک معصوم کے جزبات کو اپنی ہوس کا نشانہ بنایا تھا اور اج بھی صرف اپ کے اندر کی ہوس اپکو مجبور کر رہی ہے اور میں بلکل بھی اب وہ نہیں کروگی کیونکہ ''میں کمزور نہیں ہوں

...وہ چلائ

اور پھر نہ جانے کیسے سارگل کا ہاتھ اٹھا ..اور مشل کے گال پر نشان چھوڑ گیا... کیا ...فضول ڈرامہ لگایا ہوا ہے تم نے ہوس ہوس ہوس... ''وہ دھاڑا

....مشل نے بھیگی نظریں اٹھائ

..بیوی ہو تم میری

'' ہوس ہوتی تو تم سے نکاح کر کے یہ ٹنٹا نہ پالتا .. سمجھی

...اسنے اسے دھکا دیا .. مشل ایک قدم دور ہوئ

سارگل اسکو چند لمحے گھورتا رہا

..مشل سر جھکائے کھڑی رہی

...سارگل کو اسکا چپ رہنا عجیب سا لگا

...اب بولتی کیوں نہیں ہو "اسنے اسکا ہاتھ پکڑا

...مشل نے ایک جھٹکے سے ہاتھ چھڑایا

...کیونکہ ایک مرد نے اپنی طاقت کا استعمال کر کے میرا منہ بند کرا دیا ہے سارگل خان
...اب میں بول کر کیا کرو "اسنے زخمی نظروں سے اسکی جانب دیکھ کر کہا

..سارگل نے ..ماتھے پر ہاتھ پھیرہ

...میری بات سنو "اسنے دوبارہ اسکا ہاتھ پکڑا

...پلیز اپ جائیں یہاں سے "اسنے انسو صاف کر کے کہا

...سارگل کو خود پر شدید غصہ ایا

...اسے رام کرنے کے بجائے... اسنے اسے خود سے مزید بدزن کر دیا

جائیں یہاں سے ورنہ میں بابا کو بلا لوں گی سارگل خان" وہ اسے دھکا دیتی بولی... تو سارگل نے .. اسکی جانب دیکھا...

چہرے پر اسکے نشان دیکھ کر اسے... خود پر غصہ ا رہا تھا..

اور پھر وہ کمرے سے باہر نکل گیا..

سب بگڑتا جا رہا تھا سب..."

اسنے سوچا .. اور .. غصے سے ہتھیلی پر ہاتھ مار کر وہ .. باہر نکل گیا...

....

مگر قسمت شاید اچھی نہیں تھی...

وہ بری طرح بہرام سے ٹکرایا...

کہاں سے ا رہے ہو "اسنے ایک نظر مشل کے کمرے کیطرف دیکھا اور دوسری نظر سارگل پر ڈالی...

کہیں نہیں "سارگل نے نفی میں سر ہلایا اور گزرنے لگا کہ بہرام نے اسکا شانہ تھامہ...

چلو میرے ساتھ "گھور کر کہتے ہوئے وہ اسے مشل کے روم کیطرف لے گیا..

جبکہ سارگل نے بالوں میں ہاتھ پھیرہ اسکا بس نہیں چلا کہ کسی طرح اندر سے مشل کو غائب کر دے..

بہرام نے دروازہ بجایا ..تو اندر سے کوی جواب نہیں ایا

اسنے ہلکا سا دروازہ کھولا...

سارگل نے دانت بھینچے...

وہ صوفے پر گھٹنوں میں سر دیے بیٹھی تھی...

جبکہ اسکی سسکیاں پورے کمرے میں گونج رہیں تھیں تھیں..

..سارگل پیچھے کھڑا تھا ..جبکہ بہرام اندر داخل ہوا اور ..اسنے مشل کے سر پر ہاتھ رکھا

...مشل نے سر اٹھایا

تو اسکے چہرے پر انگلیوں کے نشان دیکھ کر بہرام کا خون کھول اٹھا ..اسنے پلٹ کر ..سارگل کی جانب دیکھا

..سارگل نے سر جھکا لیا

کیا ہوا ہے بیٹا ..کس نے مارا ہے''جان تو وہ گیا تھا مگر مشل کے مبہ سے سننا چاہتا ..تھا

''ڈیڈ کچھ نہیں ہوا بس

...شیٹ اپ''بہرام دھاڑا

..مشل اپ کو سارگل نے مارا ہے''بہرام نے سنجیدگی سے پوچھا ..مشل نے کچھ نہیں ...کہا

...اسے مزید رونا ا رہا تھا

...بہرام نے مٹھیاں بھینچی وہ ایک جھٹکے سے پلٹا ..اور کھینچ کر تھپڑ سارگل کے منہ پر مارا
...کہ وہ دو قدم دور ہوا

تمھاری ہمت کیسے ہوئ مشل پر ہاتھ اٹھانے کی ''وہ چلایا... مشل نے اچانک منہ پر ہاتھ
..رکھا یہ سب اسکے لیے بے یقینی لیے ہوے تھا

..سارگل کا چہرہ سرخ ہو گیا

لگا اب تھپر تمھیں اب ائ سمجھ کہ اسکی تکلیف کیا ہوتی ہے .. عورت پر ہاتھ اٹھا کر
ثابت کیا کر رہے تھے تم ''اسنے اسکا گریبان پکرا سارگل کچھ نہیں بولا ..جبکہ مشل چاہ کر
.. بھی نہرام کو روک نہیں پائ وہ خود میں اتنی ہمت نہیں پا رہی تھی

ایک بات یاد رکھو سارگل خان اتنی طاقت دیکھانی ہے تو مجھ پر دیکھاو دیکھ لیتا ہوں میں
تم کیا چیز ہو... غلطی پر غلطی کیے جا رہے ہو اور یہ سمجھ لیا تم نے کہ میں بے بس ہو

..گیا ..اولاد کو پوچھ نہیں سکتا"اسکے چلانے سے رفتہ رفتہ سب وہاں اکھٹے ہونے لگے تھے

...یہ تماشہ سب کھڑے دیکھ رہے تھے

دفع ہو جاو یہاں سے "اسنے اسے دھکا دیا تو وہ چپ چاپ وہاں سے نکلتا چلا گیا جبکہ مراد

..اسکے پیچھے لپکا

" سارگل بات سنو

...بس "اسنے سرخ آنکھیں نکالیں

...میں کچھ دیر اکیلا رہنا چاہتا ہوں "اسنے کہا اور باہر نکل گیا

....

غصہ حد سے زیادہ تھا خود پر سب پر

....وہ افس میں بیٹھا... فائلوں پر فائلیں پٹخ رہا تھا

تبھی چوکیدار ایا... اور کسی کے انے کی اطلاع دی وہ ملنا تو کسی سے نہیں چاہتا تھا مگر بالوں میں ہاتھ پھیرتا... وہ سیدھا ہوا ..اور اندر داخل ہوتے ہارون کو دیکھا....

دونوں کی درمیان رسمی سی بات چیت ہوئ ..اور ہارون نے مدعا اسکے سامنے رکھا...

تم کیوں ہڑپنا چاہتے ہو اسکے ہوٹلز''سارگل نے اسکو گھور کر دیکھا...

سنا ہے تم پیسوں کے لیے کوئ بھی کیس لڑتے ہو ..میں نے اسی لیے تمھاری طرف رکھ کیا..

اگر تم نہیں کرنا چاہتے تو میں کسی اور کے پاس چلا جاتا ہوں ..اب سوال جواب تمھیں تو دینے نہیں یا میں ''ہارون نے ٹکا سا جواب دیا ..تو سارگل نے تپ کر اسکیطرف دیکھا..

''اچھا تو کتنے دینے والے ہو تم مجھے

ایک کروڑ ''ہارون نے اسکی آنکھوں میں دیکھا...

سارگل نے ایک پل کو بس اسکو حیرت سے دیکھا...

...ٹھیک ہے ".اسنے بغیر سوچے سمجھے حامی بھر لی

...جبکہ ہارون مسکرایا تھا

..گڈ پھر جلد ملتے ہیں "وہ ہاتھ ملا کر اتھا سارگل نے بس سر ہلایا

...اور ہارون کو باہر جاتے ہوۓ دیکھا

ہو گیا کام "اسنے اطلاع دی

...گڈ "مقابل نے کہا اور فون بند کر دیا

....

...وہ شاپینگ مال سے ابھی باہر نکلنے لگا تھا کہ ..کسی سے زور سے ٹکرایا

اسنے تیوری چڑھا کر دیکھا ..اور اپنے سامنے پرنسپل کو دیکھ کر اسکے ماتھے کے بل غائب ہوئے...

...پرنسپل اسکی جانب دیکھ کر مسکرائے داود بھی مسکرا دیا

...بس رسمی سا

..کیسے ہو برخوردار ''انھوں نے کہا تو ..داود نے سر ہلایا

میں ٹھیک اپ کیسے ہیں ''اسنے پوچھا... اور ابھی وہ کوئ بات کرتے کے پیچھے سے ...چیخوپکار کی اوز سنائ دینے پر پرنسپل بھکلا کر پیچھے مڑے

انھوں نے اپنی بیٹی کو زمین پر گیرتے دیکھا تو وہیں سب چھوڑ کر وہ اسکی جانب ...بھاگے.... .داود بھی اس افراتفتی پر انکے پیچھے ہوا

..حیا حیا بیٹا آنکھیں کھولو''وہ اسکے گالوں کو چھونے لگے

ای تھینک اپکو انھیں ہوسپٹل لے جانا چاہیے ''داود نے کہا تو انھوں نے سر ہلایا جبکہ ...انکھ سے انسو لاتعداد بہہ رہے تھے

...جب ان سے حیا کو اٹھایا نھیں گیا تو... داود نے

...انکو پیچھے کر کے

.....انکی بیٹی کو .بازو میں اٹھایا اور گاڑی میں ڈالا

...انکی نم سرخ آنکھوں سے انسو بہتے اسے بہت عجیب سے لگ رہے تھے

اپ فکر نہ کریں ہو سکتا ہے گرمی کی وجہ سے گھبراہٹ یہ بی پی لو ہو گیا ہو"داود نے کہا

...تو انھوں نے نفی میں سر ہلایا

..برین ٹیمر ہے اسکو "وہ مدھم اواز میں بولے

...داود شاکڈ سا انکیطرف دیکھنے لگا

..جبکہ ہوسپیٹل بھی اگیا تھا

..بلاشبہ وہ لڑکی کافی خوبصورت تھی

....

تم مجھے بتانا پسند کرو گی کہ اتنی رات گئے ..داود کے پاس کی اکرنے گئ تھی اور داود داود کہاں میرا مطلب کیا ہو رہا ہے یہ سب ''ایشا جھنجھلا سی گئ .. کسی طرح اسنے بات سمبھال لی تھی مگر سب ہی بہت غصہ ہوئے تھے بلکہ بہرام تو اسکے روم میں اسکی طبعیت ہوچھنے بھی جا رہا تھا ..کہ ایشا نے بہت مشکل سے روکا .اور صبح ہوتے ہی وہ اسکے روم میں تھی ..

وہ... وہ میں ان سے ملی تھی ''..اسنے بے تکا سا جواب دیا ..کیا وہ اسے بتا دیتی کہ اسنے نکاح کر لیا تھا...

اسے شرمندگی سی ہوئ...

عینہ بات کیا ہے ''ایشا نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا..

تم کسی کو تو نہیں بتاو گی''اسنے گھبرا کر کہا..

''نہیں جلدی بتاو اب

''وہ داود میں نے داود سے ..ایشا میں نے نکاح ..نکاح کر لیا ہے

..کیا''وہ دو قدم دور ہوئ

...د ..داود سے ''عینہ نے اسکی جانب دیکھا

..اسے شدید شرمندگی ہوی یہ بتاتے ہوئے

...تم پاگل ہوگئ ہو جانتی ہو یہ بات کیا طوفان لاے گی ''ایشا نے اسے جھنجھوڑا

....میں میں ..میں اسے نہیں کہو سکتی اب''عینہ رونے لگی تو ..ایشا نے سر تھام لیا

..ابھی وہ مزید بات کرتی کہ ارمیش کے پکارنے پر دونوں الرٹ سی ہو گئیں

''چلو ..دونوں شاپینگ کے لیے نکلنے لگے ہیں ہم فیزا کو بھی لینا ہے

ارمیش نے کہا تو وہ دونوں اتھ گئیں جبکہ ایشا نے عینہ کو گھور گھور کر ہی پریشان کر رکھا

..تھا

....

حویلی کی سجاوٹ دیکھنے لائق تھی... اج مراد اور صارم سمیت فیزا اور ایشا کو مہندی لگنی تھی....

تبھی ایک بھگدڑ مچی ہوئ تھی سب اپنے اپنے کاموں میں مگن تھے...

جبکہ عینہ مشل اور ایشا ایک کمرے میں تھیں..

نہ ایشا کو صارم دیکھ سکتا تھا نہ سارگل نے اس دن کے بعد مشل کو دیکھا تھا..

وہ دیکھنا بھی نہیں چاہتا تھا ..اسنے خاموشی کا لبادہ اڑھ لیاتھا..

فلحال وہ اس کیس میں الجھا ہوا تھا... ..یہ جانے بغیر کے کوئ بڑی سہولت سے اس کیس میں اسکو پھنسا رہا ہے.....

اس وقت بھی وہ فائل کو چیک کر رہا تھا ..جس میں لیگلی وہ تمام مارکیٹس کسی جمشید نامی ادمی کی تھیں جن پر ہارون قبضہ کرنا چاہتا تھا...

اور اسنے اپنے پیپرز بھی سارگل کے حوالے کر دے تھے ..جو کہ جالی تھے سارگل یہ بات جانتا تھا...

اور اب اسے کسی بھی طرح کورٹ میں یہ بات واضح کرنی تھی کہ یہ سب ہارون کی مارکٹس ہیں جس پر جمشید نامی ادمی نے قبضہ کیا ہوا ہے..

وہ یہ بھی جانتا تھا اس ادمی نے بھی کورٹ میں کیس دائر کیا ہوا تھا..اب جیتا کون ہے یہ فیصلہ کل ہونا تھا...

....

عینہ نے سیل فون اٹھایا...

تو اسکی کال ارہی تھی نہ جانے وہ ان نون نمبر سے کیوں کرتا تھا مگر اسنے اسکے سارے نمبر سیو کیے ہویے تھے..

اسکی کال اٹینڈ کرتے ہویے..اسکے لبوں پر بہت پیاری سی مسکراہٹ اگئ..

اسنے اپنے بھالو کو باہوں میں بھرا اور کال پیک کی...

..کیسی ہو ''سوال کیا گیا

...میں ٹھیک ہوں ''وہ مسکرا کر بولی

...ملنے نہیں اوگی ''اسنے پوچھا

...مگر گھر میں شادی ہے ..اور اب نکلنا رزق ہو گا ''..عینہ کچھ پریشان سی ہوئ

..تو پھر ''داود نے لاپرواہی سے کہا

..تو یہ کہ داود صاحب... اج ..نہیں مل سکتی میں اپ سے ''وہ ہنس کر بولی

مگر عینہ میڈیم یہ تو نہ انصافی ہو جایے گی ..کون مجھے میری بیوی سے ملنے سے روک سکتا ہے تم نہ ائ تو میں اجاو گا سیمپل ''اسنے کہا

...داود اپ مجھے ڈراتے ہی ''عینہ کی اواز مدھم ہوئ

.... تم نے بھی تو مجھے ڈرایا تھا ''اچانک ہی اسکے منہ سے نکلا ..عینہ خاموش ہوگئ

..دوسری جانب بھی خاموشی چھاگئ

''میں اپ سے

....کوائٹ'' ..وہ گھمبیر لہجے میں بولا

..عینہ میں داود ہوں ..یہ بھولنا مت ''..اسکا لہجہ بدلا بدلا سا تھا

..داود'' ..اسے پریشانی نے اگھیرہ

..اپ یہاں نہیں آئیں گے نہ ''وہ بھالو چھوڑ کر اٹھی

...داود ہنسا

...ہاں میں وہاں نہیں او گا... تم اوگی نہ میرے پاس ''وہ معصومیت سے بولا

..ج ..جی میں اوگی ''اسنے حامی بھری

..ٹھیک ہے پھر رات 9 بجے ملتے ہیں ڈنر ..ساتھ کریں گے''اسنے اطلاع دی

...مگر فنکشن''وہ ممنائ

... مجھ سے زیادہ اہم ہے ''اسنے پوچھا... عینہ نے نفی کی

نہیں... ''اواز مدھم تھی

...گڈ ڈالنگ... میں تمھارا انتظار کرو گا ''کہہ کر اسنے فون بند کر دیا

..ابھی وہ پلٹا ہی تھا کہ اپنے پیچھے ہارون کو کھڑا پایا

....تم تو بہت شاطر نکلے... یار

اب کیا کرنے والے ہو اس لڑکی کے ساتھ... گھما کر گیرے گی ..بہرام خان کی سیاست ...جب یہ بات میڈیا پر اے گی کہ اسکی بیٹی ..چھپ چھپ کر

...شیٹ اپ ''داود نے انگلی اٹھا کر اپنے اندر اٹھتے اشتعال کو روکا

..ہارون چپ ہو گیا

....وہ لڑکی تمھارا کنسرن نہیں ہے

وہ عینہ ہے داود کی عینہ... اور اسکی عزت... مجھے ..ہر چیز پر پیاری ہے... اگلی بار تمھارے منہ سے اسکا نام نہ سنو.ورنہ سب لحاظ بلائے طاق رکھ دوں گا "وہ سرد لہجے میں بولا تو ہارون نے ہاتھ اٹھے..

بھائی مجھے کیا پتہ تھا تمھارے ڈھیٹ دل میں اب بھی وہ پنجے گاڑے بیٹھی ہے... خیر یہ حیا نامی لڑکی کا کیا کیس ہے ..جب تم گھٹنوں گھٹنوں عینہ کے عشق میں ڈوبے پڑے ہو "ہارون نے پوچھا ..کیونکہ پچھلے دو دن سے وہ اس لڑکی کے پاس ہسپیٹل جا رہا تھا....

اج اس لڑکی کا نکاح ہے "داود نے سنجیدگی سے بتاتے ہوئے سگار سلگای..

کیا عجیب شوشہ چھوڑا ہے ٹیومر ہے اس لڑکی کو... کون کر رہا ہے یہ نیکی ..اوووو اب سمجھا" .اسنے اسکی جانب ایسے دیکھا جیسے سب سمجھ گیا ہو....

کیا سمجھے "داود مسکرایا...

ماسٹر مائنڈ "..ہارون نے تالی بجای..

بلکل میں برداشت ہی نہیں کر پا رہا تمھیں کنوارا "داود ..نے دھواں اسکے منہ پر چھوڑا...

کیا بکواس ہے "ہارون اچھلا...

کیا مسلہ ہے... "داود نے تیوری چڑھاٸ...

جس لڑکی کی دو دن کی گرنٹی نہیں تم اسکے پلے باندھ رہے ہو مجھے اور ویسے بھی میں شادی نہیں کرنا چاہتا ..تو میرے بھاٸ یہ باتیں اپنے دماغ سے نکل ددو "ہارون نے صاف انکار کیا..

مجھے اپنی گرنٹی دے رہے ہو تم کہ اگلے لمحے تم زندہ رہو گے..

تمھارے ہزاروں کی تعداد میں دشمن ہیں ..پولیس تمھیں پروٹیکٹ نہیں کرتی......

مگر لگتا ہے تمھارے ایک لمحے کا بھی بھروسہ ہے "داود نے اسے حقیقت کا ائینہ دیکھایا...

ہارون غصے سے اسکی صورت تکنے لگا....

وہ بیمار ہے "اسنے جیسے اسکو بتانا ضروری سمجھا..

...جانتا ہوں... تمھیں صرف نکاح کرنا ہے

...میں نے یہ نہیں کہا اسکے ساتھ اپنی ازدواجی زندگی گزار دو

" ....جبکہ یہ نکاح میڈیا پر میرے نام سے ڈیسپوز ہو گا

..اسنے سہولت سے کہا

...مگر میں کروں ہی کیوں "ہارون کے پلے کچھ نہیں پڑ رہا تھا

..داود سنجیدگی سے اسکی جانب دیکھنے لگا

تم نے مجھے اپنے ساتھ رکھا تھا.. مجھ سے پوچھ کر رکھا تھا "داود نے اب کہ غصے سے ...پوچھا

...کیا مصیبت ہے یار "ہارون چیڑہ

چلو... زیادہ نہ سوچو... پہلے ہی اتنے جرائم ہیں تمھارے سر..کوئ ایک نیکی کا کام کر " کے ..ثواب کماو

...داود ہنسا

"تو ہارون نے گھورا.... .زہر لگ رہے ہو اس وقت مجھے تم

...وہ کہہ کر پاؤں پٹخ کر اسکے ساتھ باہر نکلا

....

...مہندی کا فنکشن بہت بڑے پیمانے پر تھا

سب ہی اس فنکشن میں شامل تھے جبکہ یہاں سے فارغ ہو کر ..انھیں فیزا کیطرف جانا تھا....

مشل نے یلو کلر کا لہنگا جبکہ چھوٹی سی کرتی پہنی ہوئ تھی دوپٹہ ..اسنے ایک طرف ڈالا ہوا تھا ..اور وہ صارم اور مراد کے پاس کھڑی .. تھی...

...سارگل نے اسے دور سے دیکھا

...اور سنجیدگی سے وہ سٹیج پر ایا صارم اور مراد کا منہ میٹھا کرایا

سب اسکی سنجیدگی کو محسوس کر رہے تھے ..مگر مشل کی مرضی کے اگے کوئ کچھ نہیں ...کر سکتا تھا

مشل اسکو دیکھے گی ..وہ صارم کی کسی بات پر

...مدھم سا مسکرایا

...اور پھر نیچے اتر گیا

..اسکی خاموشی اسے بلکل اچھی نہیں لگی

دل کیا جا کر اس سے بات کرے ..مگر دل کو سمبھال کر وہ یوں ہی کھری رہی ..جبکہ وہ ....بہرام کے ساتھ ساتھ ..سب سے ملتا ہوا پھیر رہا تھا

عینہ نے گولڈن کامدار ڈریس پہنا تھا جو داود نے... اسکے پا سپارصل بھیجا تھا ..اور سب ..کے پوچھنے پر اسنے اون لائن اڈر کا بھانا بنا دیا

...سوٹ کامدار تھا اور بے حد خوبصورت .جبکہ عینہ اس میں بے حد حسین لگ رہی تھی

..کہ مہد اسے دیکھتا ہی گیا

مما... اپکو اج تو بات کر لینی چاہیے اور کتنا دیر کریں گی''وہ بے چینی سے بولا تو وہ ہنسی... ہاں میں بھی سوچ رہی ہوں اج تو بات کر ہی لو ن چلو روکو تم ''مہد کو کہہ کر

...وہ... ارمیش کے اپس اگیئں

..جبکہ مہد... عینہ کی جانب چلا گیا

اسے یقین تھا ..اسکے رشتے کے لیے حامی بھر لی جائے گی کیونکہ ..وہ کافی عرصے سے

...معاویہ کے ساتھ بیزنیس جر رہے تھے

...کیسی ہیں اپ اج تو اپکی طبعیت ٹھیک لگ رہی ہے ''مہد کے بولنے پر وہ ایکدم ڈری

...جی ''اسنے کہا

اپ بہت خوبصورت لگ رہیں ہی''مہد کی تعریف پر اسکا بس نہیں چلا وہ وہ فون کال بند

...کر دے جو چل رہی تھی ..یعنی داود یہ سب سن رہا تھا

..جی شکریہ "اسنے کہا اور موبائل دیکھنے لگی جس پر نمبر گیر رہے تھے

..اپ ..اتن اگبراتی کیوں ہیں "مہد ہنسا ..تو عینہ نے دیکھا کال بند ہو گئ

...اسنے مہد کیطرف دیکھا

پلیز ایکسکیوز می "اسے اچانک غصہ ایا تھا ..اتنی مشکلوں سے وہ اسکے ساتھ ٹھیک ہو رہا تھا ...اور وہ ..لڑکا... پتہ نہیں کیوں .اگیا تھا

..اسے در بھی لگ رہا تھا

مہد نے مسکرا کر اسکی پشت دیکھی ..اور سامنے سے اتی اپنی ماں کو دیکھا جو مسکرا رہیں تھیں ..

وہ کہہ رہیں ہیں کہ کل اپ لوگ آئیں ہمارے گھر اور بہرام سے سہولت سے اس ... موضوع پر بات کریں "اپنی ماں کی بات سن کر مہد کی خوشی کی انتہا نہ رہی

..جبکہ عینہ... گھڑی میں وقت دیکھ رہی تھی

...یہاں کا فنکشن تو تمام ہوا ہی تھا ..اب فیزا کیطرف جانا تھا

..وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی کیا کرے

..ایشا سے بھی نہیں کر سکتی تھی جو کہ دولہن بنی بیٹھی تھی

..اور بس اسکے دماغ میں خود کو تکلیف دینے کے سوا کوئ بہانا نہیں ایا

...وہ سب گاڑیوں میں سوار ہو رہے تھے کہ

.. عینہ جو کہ ہیل میں تھی اسنے جان بوجھ کر اپنے پاوں کو موڑا ..اور پھیدل کر گیری

... عینہ "ارمیش نے اسے تھاما

..اسے زیاسہ نہیں لگی تھی مگر درد ہو رہا تھا

..مگر چونکہ اسے ..بچنے کے لیے ڈرامہ کرنا تھا تبھی اسنے تکلیف کے اثار بڑھا لیے

مما بہت درد ہو رہا ہے لگتا ہے موچ .اگئ "وہ بولی تو ارمیش نے پریشانی سے اسکو دیکھا

..تب تک بہرام سارگل سب اسکے گرد جماہ وگیے

..ہنی تم اندر چلو... ''سارگل نے کہا تو اسے خوشی ہوئ ..اسکا کام اسان ہو گیا تھا

..میں روکتا ہوں تمھارے ساتھ''وہ بولا تو... عینہ کا رنگ اڑا

نہیں بھائ اپ جائیں ..میں ٹھیک ہو ..تھوڑی دیر ارام کروں گی پھر ٹھیک ہو جاو گی''اسنے کہا ..تو سارگل نے نفی کی اور زبردستی وہ اسکے ساتھ روکا...

..جبکہ سب اسکو خیال رکھنے کا کہہ کر چلے گئے

...مراد بھی روکنا چاہتا تھا مگر ..سارگل نے اسے بھیج دیا

عینہ اپنے کمرے میں بیٹھی یہ سب سوچ رہی تھی سڑھے نو ہو گئے تھے اب تک کچھ نہیں ہو اتھا کوئ فون کال نہیں تھی...

...اسکے دل میں دھکر پکڑ شروع ہو گئ

اور پھر بلاخر وہ اٹھی... کمرے سے باہر نکلنے ہی لگی تھی کہ سارگل کمرے میں ایا وہ ..جلدی سے بستر پر بیٹھ گئ

ہنی میں کچھ دیر تک اتا ہوں افس جا رہا ہوں اوکے پریشان مت ہونا... "اسنے کہا تو عینہ نے ہلکی سی سمائل دے کر.. سر ہلایا..

سارگل تو چلا گیا اب اسے جانا تھا..

وہ ہمیشہ کیطرح چور راستہ اختکار کر کے.. اپنی گاڑی میں.. دس منٹ میں اسکے کمرے کے سامنے تھی...

اب اسے راستوں کا اندازا ہو گیا تھا..

کمرے میں کوئ نہیں تھا...

اسنے دروازہ کھولنا چاہا کہ پیچھے سے.. اسکے ہاتھ پر اسکا ہاتھ رکھا گیا مگر یہ ہاتھ سختی سے رکھا گیا تھا.. عینہ نے پلٹ کر دیکھا...

وہ اسکے پیچھے کھڑا تھا..

دروازہ کھول کر وہ.. اندر داخل ہوا..

...عینہ بھی اندر داخل ہوئ

...داود... بیڈ والے پورشن میں جا کر لیٹ گیا

.اسکی طبعیت عینہ کو کچھ خراب سی لگی

..کیا ہوا ہے اپکو" .وہ اسکے پاس ائ

..اور بس داود نے ..ایک جھٹکے سے اسکو... دونوں بازوں سے پکڑ کر جھنجھوڑ دیا

...کون ہے یہ ..جو تمھاری تعریفیں کر رہا تھا اور تم سن رہی تھیں "وہ دھاڑا

عینہ کا رنگ فق ہو گیا... .یہ سب تیاری کس کے لیے تھی کون کہتا ہے تمھیں اتنا تیار ہو
.... تم بتاو مجھے "اسنے .. غصے سے اسکے بال جکڑے

...عینہ کی ہچلی بندھ گئ

...داود نے اسے بیڈ پر پھینک دیا

... عینہ نے اٹھنا چاہا مگر داود نے اسے اٹھنے نہیں دیا

''میں وہ خود بات کرتے ہیں

وہ بولی

....کرتے ہیں ''داود نے اسکا منہ جکڑا اج وہ پرانا داود لگ رہا تھا

...ک ..کرتا ہے ''عینہ نے تصیحی کی

تم صرف داود کی ہو سمجھی تم... تمھیں پانے کے لیے بہت کچھ سہا ہے میں نے ..اگ لگا دوں گا میں ہر اس شخص کو جو تمھارے قریب بھی پھٹکا ''وہ دھاڑا... تو عینہ ..رونے لگی.

..س ..سوری داود ''اسنے منمنا کر کہا

...داود ..نے اسے چھوڑ دیا

...وہ اٹھ بیٹھی

....اسکی شکل دیکھنے لگی

...داود نے انکھ اتھا کر اسکی جانب دیکھا

...پلیز غصہ تھوک دیں ''وہ مسکرائ

..داود ..نے پیچھے ٹیک لگا لی

ادھر او ''اسنے اسے پاس بلایا... عینہ کا دل دھڑکا مگر وہ انکار نہی نہیں کر سکتی تھی
..وہ... تھرا سا اگے ہو کر اسکے نزدیک ہوئ

داود اسکے بالوں کو چھونے لگا... پھر اسکے جھمکوں کو چھیڑنے لگا... عینہ خاموش بیٹھی
...دل کی بے ترتیب دھڑکنیں سمبھال رہی تھی

...داود کی جسارتیں بھڑتی جا رہیں تھیں... وہ اسکے چہرے کے نزدیک اپنا چہرہ لے ایا

..ہم ..ہم کچھ اور... ''عینہ کچھ دور ہوئ

..داود ہنسا

... جیسا کہ ''اسنے ائ برو اچکائ

اپ اپ اپنے پیرنٹس سے نہیں ملیں گے ..کیا''اسنے سوال کیا جبکہ داود نے اسکے لبوں پر انگلی رکھ دی....

کل کا دن یقیناً بہت بڑا دن ہو گا عین... .بس اتنا سمجھ لو تم .میری زندگی ہو...

داود تمھارے بغیر نہیں رہ سکتا... مگر داود داود ہے ..یہ بھی مت بھولنا... ''وہ پیار سے بول کر اسکے رخسار کو اپنے لبوں سے چھو گیا...

عینہ اپنی جگہ سے اٹھی..

میں جاو ''اسنے پوچھا ..تو داود نے غور سے اسکیطرف دیکھا..

کیوں ..کیا کافی ہوگئ ..اس لڑکے کی تعریف جو شوہر کے پاس .اکر بدق رہی ہو''وہ سنجیدگی سے بولا تو ..عینہ اسکے پل میں بدلنے پر حیران رہ گئ..

داود ایسا تو نہیں ہے ''اسنے کہا... تو داود نے ..اسکے بالوں کو مٹھی میں جکرا ..اور اسکے نازک لبوں پر شدت سے قہر ڈھانے لگا...

کہ عینہ کی سانسیں اکھڑ گئیں...

..تادیر وہ اسے ہلکان کرتا رہا

بہت خوبصورت لگ رہی ہو "اسکے لبوں سے پھوٹتی خون کی لکیر کو انگوٹھے سے صاف
..کرتا ..وہ بولا ..تو عینہ نے اپنے انسو صاف کیے
..اور مسکرا دی ..وہ اسے بلکل بھی خفا نہیں دیکھ سکتی تھی

....

کیس وہ جیت گیا تھا .. مطمئن تھا ہاں اس میں صلاحیت تھی ..وہ غلط کو صیحی ثابت کر
...سکتا تھا

وہ اٹھا ..اور لنچ کرے کے لیے ..جہاں سب بیٹھے کل کے فنکشن کو ڈسکس کر رہے
...تھے ..کہ پاس ابھی جاتا ہی کہ ..کھٹاکھٹ ..پولیس کی نفری ..ہال میں بھر گئ

....یہ کیا حرکت ہے "معاویہ اور بہرام بیقوقت اٹھے

...جبکہ باقی سب بھی غصے سے اٹھے

...صارم نے سب خواتین کو دوسری طرف بیج دیا

..کس کی اجازت سے میرے گھر میں گھسے ہو "بہرام دھاڑا ..تو کمشنر ..اسکے سامنے ایا

...معافی چاہتا ہوں سر مگر اپکے بیٹے کے خلاف... وارنٹس ہیں

"...عدالت کی آنکھوں میں دھول جھوکی ہے اپ کے بیٹے نے

...کمیشنر صاحب نے ..سارگل کیطرف دیکھ کر کہا

..سارگل کے قدموں تلے جیسے زمین کھسکی تھی

..بایر سے شوروغل بڑھنے لگا

یہ میڈیا کو کس نے بلایا ہے "بہرام کچھ سمجھ نہیں پا رہا تھا... یہ سب ہو کیا رہا ہے ..اور ..میڈیا کو دیکھ کر ان سب کے رنگ اڑے تھے

..یہ بدنامی ان سب کے چہروں کو سرخ کر گئ

..کیا بکواس ہے سارگل یہ "میڈیا کے کیمرے... کھٹاکھٹ انکی تصویریں لے رہے تھے جبکہ مراد اور صارم انھیں نکالنا چاہ رہے تھے ایک افراتفری سی مچ گی تھی بہرام نے تبھی ...سارگل سے پوچھا

..سارگل کے لیے یہ لمحہ کسی عزاب سے کم نہیں تھا

..اسکی عزت اسکی ریپوٹیشن

" ایس اتو کبھی نہیں ہوا تھا کہ وہ کہیں چوک جائے پھر یہ سب

..وہ خود بھکلا چکا تھا

جبکہ بہرام... چاہ کر بھی اسکے ٹکڑے نہیں کر پایا ..سارگل کا جھکا سر ..اسکو برسوں کی ..عزت ..اسکے دادا کی عزت... کی دھجیاں اڑا چکا تھا

...کیا یہ سچ ہے اپ نے ایک کروڑ کھایا ہے "میڈیا انلے نزدیک انے لگا

...جبکہ ..بہرام پیچھے ہٹ گیا

..اارمیش مشل... سمیت عینہ بھی رونے لگی تھی

نہیں میرا بیٹا ایسا نہیں کر سکتا "..اسنے کہا اور باہر نکلنا چاہا ..نگر ..نین نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا...

..حویلی کی دہلیز پر پہلی بار پولیس چڑھی تھی

..جبکہ میڈیا انکی عزت اچھال رہا تھا

"..سر ہمیں سارگل خا.کو اریسٹ کرنا ہے

..کمیشنر نے کہا تو ...بہرام نے سارگل کی جانب دیکھا

...لے جاو "وہ ایک جلال کو خود میں دباتا بولا

..نہیں ڈیڈ"سارگل نے نفی کی ..جبکہ بہرام وہیں چھور کر اسے اندر چلا گیا

پولیس نے میڈیا کے سامنے... اسکے ہاتھ میں ہتھکڑیاں ڈالی ..سارگل کے چہرے کے ساتھ آنکھیں بھی خون چھلکا رہیں تھیں...

...تم فکر نہیں کرو میں دیکھ لوں گا سب "مراد اسکے ساتھ ساتھ ..پولیس وین میں بیٹھا

..انکے نکلتے ہی وہاں سے میڈیا .. بھی چلا گیا جبکہ

...اج کی ہوٹ نیوز

پولیٹیشن بہرام خان کا بیٹا سارگل خان جو کہ ایک بڑا وکیل ہے ..کروڑوں میں کھیلنے والا

" ...انسان ..رشوت لے کر ناجائز لوگوں کے حق پر ڈاکا ڈالنے والا ایک چور

..داود نے ٹی وی بند کر دیا

....ہارون کی جانب دیکھا

...چلو سٹیشن

..یارم کو کہہ دو ..اس کے ساتھ یہ ہیڈ لائن بھی چلے

.... مشہور بیزنیز مین... داود احمد

"..حیا التاف سے شادی کے بندھن میں بندھ .گئے

..اسنے کہا ..تو ہارون مسکرایا

....

وہ گلے میں بندھی ٹائ کو ڈھیلا کرتے ہوئے پولیس سٹیشن میں داخل ہوا تو... انسپیکڑ اسکو دیکھ کر مسکرا کر اٹھا...

...کیسے ہیں سر اپ "اسنے ہاتھ اگے بڑھایا داود نے ہاتھ ملا کر ..ارد گرد دیکھا

..سارگل خان کہاں ہے "اسنے سیدھی بات کی

...چلیں سر "انسپیکڑ ..اسکے اور ہارون کے ساتھ ہو لیا

....داود نے اسے دور سے سل کے اندر چکر بے چینی سے کاٹتے ہوئے دیکھا اور مسکرا دیا

کیسے ہو سارگل خان "اسکی اواز پر سارگل بل کھا کر پلٹا

....ماتھے پر بل ڈالے وہ داود کو دیکھ رہا تھا .

....تم.... تم یہاں کیا کر رہے ہو"وہ دانت بھینچ کر بولا

....جبکہ یارون کو اسکے پیچھے کھڑا دیکھ وہ سب سمجھ گیا ..اور خود پر قابو نہ پاتے ہوئے

...وہ سلاخوں کے اندر سے ہی انپر جھپٹا

...اوپس "داود مسکرا کر پیچھے ہوا

...کمینے انسان... بخشو گا نہیں اب تمھیں میں "وہ چلایا

...جبکہ انسپیکڑ نے اسکی سلاخوں پر ڈنڈا مارا

.... نہیں رہنے دو بولنے دو بیچارے کا زخم تازہ ہے

ابھی تو تڑپے گا "داود نے سکون سے کہا... تو سارگل نے .. سلاخوں پر ہاتھ مارا اور دو قدم ..دور ..ہوا... ہاں وہ کیسے پھنس سکتا تھا

یہ ادمی اسکے پیچھے پڑا تھا مگر کسی کے اندر ..اتنی جرت نہیں تھی کہ سارگل خان کو پکڑ ....سکتا

....کیسا لگ رہا ہے تمھیں نہ تمھارا باپ ایا نہ... کوئ اور تمھیں بچالیے گا کون سارگل خان
.... تم تو بے بس ہو گئے "وہ اسکے نزدیک ہوا اور مدھم اواز میں بولتا سارگل کا خون سلگا گیا

"...پہلے تجھے چھوڑ دیا تھا... اب تیرے ٹکڑے کر دوں گا میں

.....اچھا... .سچ... چل کر کے دیکھا "داود نے ائ برو اچکائ

.....پھر ہنسا... ..جب سارگل کوئ جواب نہ دے سکا

..ہارون بھی سکون سے یہ منظر دیکھ رہا تھا

..مگر فکر نہ کرو... " .داود نے ..جیسے اسے تسلی دی

تم بلکل فکر نہیں کرو... .میں تمھیں یہاں زیادہ دیر نہیں رہنے دوں گا ..بس رات تک
تم یہاں کھڑے ہو کر اپنی عزت کا جنازہ نکلواو صبح تم ازاد... .اپنا جنازہ خود اٹھانے کے
...لیے "وہ مسکرایا

....سارگل کا دل کیا وہ زور زور سے چلائے

.....اسکی رگیں پھٹنے کو ہو رہیں تھیں

..کیوں کیوں کر رہے ہو یہ سب تم ''بلاخر وہ بول اٹھا

....کیوں.... ..مطلب تم مجھ سے یہ پوچھ رہے ہو کیوں

....وہ طنزیہ ہنسا''

..لگتا ہے تمھاری یادشت چلی گئ

چلو تم ارام سے سکون سے سوچو میں تمھارے ساتھ کیوں کر رہا ہوں یہ سب... پھر باقی ...باتیں تمھارے ازاد ہونے کے بعد...'' .وہ مسکراتا ہوا اسکے پاس سے ہٹا

...تو سارگل اسکی پشت کو گھورنے لگا

..اج سے پہلے اسے اتنی بے بسی محسوس نہیں ہوئ تھی

....بے اختیار اپنی تزلیل پر اسکی آنکھوں کی سرخی میں نمی گھل گئ تھی

....

....حویلی میں ایک کہرام ایا ہوا تھا

لوگوں کے فونز ..بہرام نے زیچ ہو کر فون دیوار میں دے مارا جبکہ ارمیش کا رونا بھی اس سے برداشت نہ ہو رہا تھا ..مگر سارگل کے پاس وہ کسی صورت نہیں جائے گا یہ بات تو طے تھی...

...میڈیا اس خبر کو جتنا اچھال سکتا تھا ..اچھال رہا تھا ..جبکہ

...اسنے اب تک... ایل ای ڈی نہیں کھولی تھی

....وہ سر تھامے بیٹھا تھا ..جبکہ ارمیش دروازہ کھول کر اسکے پاس ائی

بہرام مجھے میرا بیٹا چاہیے اپ اسے اکیلا چھوڑ کر یہاں بیٹھے ہیں ..یہ سب ..بہرام ..اٹھیں... ''وہ بولی مگر اسنے جواب نہیں دیا

..ارمیش کے انسو متواتر گیر رہے تھے

...بہرام اپ ایسا نہیں کر سکتے... ". بلاخر وہ چلائ

...تو بہرام نے اسکے دونوں بازوں سختی سے تھام لیے

..چاہتی کیا ہو تم ..جانتی ہو کیا ہو اہے یہاں جانتی ہو

میرے داجی کا نام خراب ہوا ہے ارمیش خانم بھولو مت وہ بھی تمہارے ..تمہارے بیٹے

"..نے

...وہ میرا بیٹا ہے "ارمیش نے اسکے ہاتھ ہٹائے... اج اسے بھی خوب غصہ ایا تھا

...وہ صرف میرا بیٹا ہے "اسنے اسکی جانب دیکھا

"ارمیش میں کوئ بحث نہیں چاہتا جاو یہاں سے

...اسنے کہا تو ارمیش نے اسکی جانب زخمی نظروں سے دیکھا

اج سے پہلے اپ مجھے اتنے برے کبھی نہیں لگے "وہ غصے سے کہہ کر وہاں سے نکل گئ

....جبکہ بہرام نے اسکے نکلتے ہی روم لوک کر لیا

....

ریموٹ اسکے ہاتھ سے چھٹا.... اور کارپٹ پر گیرہ...

سامنے چلتی ہیڈ لائن اسنے آنکھیں بند کر کے پھر سے کھولی شاید یہ کوئ غلط فہمی ہو....

اسے اپریٹر کی اواز انی بند ہوگئ تھی...

جبکہ دل کی دھڑکنیں کانوں میں سنائ دے رہیں تھیں...

" داود احمد .. شادی کے بندھن ..ح .. حیا الطاف..

وہ نیچے بیٹھتی چلی گئ...

سانسیں تیز سے تیز تر ہونے لگیں....

ایسا نہیں ہو سکتا.. "اسنے... بہتے انسو سے نفی کی..

نہیں ایسا نہیں ہو سکتا.. "اسنے پھر سے خود سے کہا..

..ایسا کیسے ہو سکتا ہے ''وہ پاگلوں کیطرح رونے لگی

..داود میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے ''وہ چیخی... جبکہ ارد گرد پڑی ساری چیزیں اسنے زمین بوس کر دیں..

.. نہیں ہو سکتا ایس ا ..یہ جھوٹ ہے .. جھوٹ بول رہی ہے ..یہ ''اسنے ریموٹ اٹھا کر ایل ای ڈی پر مارا ..جبکہ... وہ ہزیانی انداز میں چیخ رہی تھی... انسو سے چہرہ سرخ تھا

''...نہیں ''

.. نہیں داود... ''وہ اچانک کمرے سے باہر بھگنے لگی

ایشا ..جو اسی کے کمرے کی جانب ا رہی تھی... جبکہ اسکے پیچھے ارمیش بھی تھی کیونکہ اسکے چیخنے کی اواز پر ..وہ سب پریشان سے ہولیے تھے...

.. عینہ ''ایشا نے اسکو تھاما

نہیں چھورو مجھے چھوڑو ایشا ..وہ شادی کر چکا ہے ..کیوں .. نہیں ہو سکتا ایسا ..چھوڑو مجھے ''وہ... بری طرح روتے ہولیے اپنا اپ چھڑوا رہی تھی..

ایشا خود حیرت کا شکار ہوئ جبکہ .. عینہ کو سمبھلنا اور ارمیش کی نظروں سے وہ چور سی ہوئ..

عینہ کیا بولے جا رہی ہو .. کون کس کی بات کر رہی ہو سمبھالو جو خد کو "ارمیش .. اسکو پکڑنے لگی..

نہیں مما... داود ..داود نے شادی کر لی... مما وہ ایسا نہیں کر سکتا..

مما... میں میں ہوں اسکی بیوی ..وہ کسی اور کو کیسے بیوی بنا سکتا ہے "وہ... بری طرح مچلی ..ارمیش ..کا ہاتھ اسکے ہاتھ سے چھٹا ..جبکہ اسکی چیخو پکار پر سب وہاں جمع ہو چکے تھے جن میں بہرام بھی تھا...

سب شاکڈ نظروں سے .. عینہ کو دیکھ رہی تھی جسے ایشا .. تھامی ہوئ تھی..

عینہ روتے ہوئے زمین پر گیری..

..میں بیوی ہوں اسکی وہ نہیں کر سکتے کسی سے شادی ..جانے دو مجھے ..مجھے پوچھنا ہے ان سے ..کیوں کیا انھوں نے میرے ساتھ ایسا ''عینہ... بولی تو... بہرام لمبے لمبے قدم

... بھرتا ..اسکے سامنے ایا اور ایک ہاتھ بڑھا کر اسکو اپنے سامنے اٹھایا

...عینہ ''وہ سختی سے اسکی جانب دیکھنے لگا

...کیا بکواس کر رہی ''ہاں وہ سننا چاہتا تھا... کہ اسکی بیٹی انکار کر دے

....عینہ نے باپ کی جانب دیکھا

...اور اسکے سینے سے لگ گئ

...اور اسکے بعد ..اسکا رونا سب کو رولا گیا جبکہ بہرام... نے اسکو تھامہ نہیں

ڈیڈ... .وہ میرے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں ..وہ بدلا لے رہے ہیں مجھ سے... میں نہیں ...رہ سکتی داود کے بغیر... ''وہ بولی

بہرام ..اسکی آنکھوں کو دیکھ رہا تھا ..اج ان آنکھوں میں اسے وہی درد دیکھائ دے رہا تھا ...جو کچھ سالوں پہلے اسکی آنکھوں میں تھا

...وہ روتے روتے اسکے قدموں میں بیٹھ گئ

....ڈیڈ مجھے داود چاہیے... میں نہیں جانتی کچھ ..میں نہیں جانتی کسی دشمنی کو

پلیز... پلیز "وہ اس سے فرید کر رہی تھی جبکہ بہرام کی آنکھوں میں وہ منظر گھوم رہے

....تھے جب وہ عابیر کا ہاتھ تھامے حویلی میں داخل ہوا تھا

...کیا اس وقت داجی کا مان بھی اسپر سے یوں ہی ٹوٹا تھا

...وہ کوئ چھاٹا بچہ نہیں تھا

...اسکا باپ زندہ تھا ..مگر... اسے داجی کی اسوقت شدید یاد ا رہی تھی

...اسکی بیٹی اسکے قدموں میں تھی... .اور کس کے لیے تھی ..دو سال میں اسے لگا
...شاید وہ سب بھلا چکی ہو... مگر

..اسکے پاس اپنے ہی اندر اٹھنے والے سوالوں کے جواب نہیں تھے

....وہ اسکے پاس نیچے بیٹھا

..اور اسکا ..روتا سر اٹھایا

....اسکی بیٹی معصوم تھی

...نکاح کیا ہے تم نے "یہ بات وہ ہی جانتا تھا کہ کتنے ضبط سے وہ یہ سوال کر رہا ہے

....عینہ نے بلاترادد کے حامی بھری

....ڈیڈ... داود "وہ سسکی

....بہرام نے اسکے انسو صاف کیے... اور اسکو سینے میں بھینچ لیا

وہ شخص پیچھے ہی پیچھے اسکی بیٹی کی معصومیت کے ساتھ کھیل گیا تھا ..اور وہ... اتنا اندھا ....ہو گیا تھا

....

اگر بہرام چاہتا تو ..پل میں وہ جیل سے باہر نکل سکتا تھا ..مگر رات ہونے کو ائ تھی .....

مراد وہیں اسکے پاس تھا ..جبکہ میڈیا ..نے اس ایشو کا اج کا ہوٹ ٹاپک بنا دیا تھا....

کچھ ہی دیر میں ..انسپیکٹر نے ..اسکو ازاد کر دیا...

سارگل کا دل کیا اس انسپیکٹر کا سر پھاڑ دے...

مگر وہ جاموشی سے باہر نکل گیا....

میڈیا ..باہر منہ کھولے کھرا تھا ..جبکہ وہ کسی کا بھی جواب دیے بغیر...

مراد کی گاڑی کیطرف دوڑا...

اج وہ داود کو قتل کر دے گا وہ سوچ چکا تھا..

سارگل "مراد ..چلایا...

جبکہ سارگل کسی کے قابو میں انے والا تھا بھلہ....

....جب وہ اسکے قابو میں نہیں ایا اور گاڑی بھگا لے گیا تو مراد نے بہرام کو کال کی سارگل کے لیے ..داود کا گھر ڈھونڈنا مشکل نہیں تھا ..مراد ٹیکسی لے کر ..اسکے پیچھے ....ہوا

....

تین گاڑیاں بیقوقت داود کے بنگلے کے باہر روکیں ..ٹائر کے چرچرانے کی اواز ..اسے اپنے ..کمرے تک سنائ دی

...اسنے آنکھیں کھولیں .. مسکراہٹ نے لبوں کا احاطہ کر لیا

...تو اج تم سب میری دہلیز پر ا گئے "اسنے سوچا

....اندر تک جیسے سکون سا اتر گیا

....دو سال کی عزیت بس ایک لمحے میں رفا ہو گئ

اور داود احمد بڑی شان سے اپنی جگہ سے اٹھا... اور ..اپنے کمرے کے باہر ایا ..دوسری طرف ..ہارون بھی اپنے پورشن سے نکلا ..تو اسکے پیچھے... ایک خوبصورت مگر کچھ کمزور سی لڑکی بھی گھبرائ ہوئ سی کھڑی تھی...

عینہ نے زخمی نظروں سے داود کو دیکھا اور پھر اس لڑکی کو دیکھ کر...

اسکا دل کئ ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا ..جبکہ داود کی نظر ..بہرام خان پر تھی...

نظر کی ٹھنڈک بہرام کو سخت زہر لگی....

جبکہ سارگل نے ریوالور نکال کر ..داود کی طرف تان دیا..

اسکے ریوالور نکالتے ہی ہارون نے... اور کئ گارڈز نے سارگل پر تانا... داود سنجیدگی سے انکی جانب دیکھ رہا تھا جبکہ پیچھے کھڑی لڑکی نے... منہ پر ہاتھ رکھ کر... اپنا خوف کم کرنے کی کوشش کی...

چوروں کی طرح انتقام قائم لیتے ہیں... "بہرام نے اسپر مسکرا کر طنز اچھالا... تو داود ہنس دیا...

انتقام میرا بنتا نہیں کوئ...

نہ میں نے لیا... .ہاں بس... .جو میرے ساتھ کیا میں نے ویس اکر دیا... " ..اسنے لاپرواہی سے کہا....

تو بہرام نے بمشکل اپنا غصہ ضبط کیا....

عینہ کی سسکیاں... ..اسکے کانوں میں ہتھوڑیں بسرا رہی تھیں..

اگر اسکی بیٹی اج اسے کمزور نہیں کرتی ..تو لازمی... بہرام خان اج اسی دھرتی میں داود کو غاڑ دیتا ..جبکہ مقابل کی جانب سے بھی ..ایس اہی کچھ سوچا گیا تھا...

عینہ کو ..وہ اپنے پاس رکھنا چاہتا تھا...

اور سیدھی طرح وہ کبھی نہیں اتی .. تبھی اج وہ اسکی دہلیز پر کھڑی تھی اور وہ جانتا تھا..اگے کیا ہو گا....

....

داود ریلکس یار "اسنے پل میں کمرے کا حولیہ بگاڑ دیا تھا... ہارون... کو اج اندازا ہو گیا کہ وہ شخص اس لڑکی کی چاہت میں کتنا دیوانہ ہے...

یار مجھے ایک بات بتاو... یہ لڑکی میرے ساتھ ایسا کرتی کیوں ہے "وہ دھاڑا اور اسکے دونوں بازو پکڑ کر جھنجھوڑا...

کیا صرف محبت میں نے کی تھی جو وہ ہر جگہ میرا ساتھ چھوڑ جاتی ہے "اسنے سرخ نظروں سے سوالیہ انداز میں پوچھا..

ہارون نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا..

میرے خیال سے ایک لڑکی کے سامنے اسکا باپ اور اسکا محبوب کھڑا ہو تو بھلے اسکے دل میں اپنے مھبوب کے لیے کتنی ہی الفت کیوں نہ ہو... وہ سائیڈ اپنے باپ کی ہی لیتی ہے... اور اسنے بھی وہی کیا" ..ہارون نے اسے سمجھانا چاہا..

تو پھر تو داود احمد ..اس دنیا کا سب سے بڑا پاگل ہے ...جو ایسی لڑکی کے پیچھے سب چھور چھاڑ کر پڑا ہے جو کبھی اسکے ساتھ محبت نبھا نہیں سکتی "وہ جیسے ٹوٹا ہوا لگا ..دو سالوں میں ہارون نے پہلی بار اسے بکھرا ہوا دیکھا....

وہ خاموش رہا... اور کچھ دیر پہلے ہونے والے واقعے کو یاد کرنے لگا کہ جب... بہرام نے سارگل کی بندوق سے گولی اس سے پہلے نکلتی اور اسنے اس بندوق کو فضا میں بلند کر کے داود کو نشانہ بننے سے روکا....

جبکہ وہ ..بغیر کچھ کہے سارگل کا گریبان تھامے... وہاں سے نکلا اور جاتے جاتے اسنے عینہ کی جانب دیکھا...

بیٹیاں باپ کا مان ہوتی ہیں... اور جب وہ مان ٹوٹ جائے تو علیحدگی بہتر ہے... .وہ تمھارا شوہر ہے اج میں خود تمھیں یہاں چھوڑ جا رہا ہوں "بہرام کی یہ بات... عینہ جو سسکیاں بھر رہی تھی... چونک نظروں سے... اسکی جانب دیکھتی...

رہی اور ایک نظر داود کیطرف دیکھا ..جو جانتا تھا یہ ہی سب ہو گا اور اب عینہ اسکے ساتھ رہے گی ..جبکہ عینہ نے اس کے پیچھے کھڑی لڑکی کو بھی دیکھا ..جو اپنے انسو روک رہی تھی ...

اسکے باپ جا رہا تھا ....

وہ باپ جس نے کبھی اسے کانٹا بھی چبھنے نہیں دیا جبکہ جب سے داود ..اسکی زندگی میں ایا تھا.... کیا ہو رہا تھا اسکے ساتھ ..اور اب بھی ..وہ تو شادی کر چکا تھا ....

ڈیڈ"اسنے داود سے نظریں پھیریں ..اور بہرام ..کا لپک کر بازو تھامہ ...

ڈیڈ میں میں یہاں نہیں روکوں گی ..مجھے اپکے ساتھ جانا ہے "اسنے انسو صاف کر کے کہا ..جبکہ سارگل کا مچہرہ اس بات پر ہی سرخ ہو رہا تھا کہ داود اور عینہ نکاح میں ہیں ....

بہرام نے کوئ جواب نہیں دیا ..اور سارگل کو اسی طرح وہ وہاں سے نکال لے گیا جبکہ عینہ بغیر پیچھے دیکھے بہرام خان کے ساتھ ہو لی ...

....پیچھے داود ایک بار پھر خالی ہاتھ کھڑا تھا

....اسنے کھینچ کر مکہ میرر وال پر مارا کہ اسکے کمرے کی خوبصورت میرر وال پر دڑاڑ پڑ گئ

...اور وہ اندر چلا گیا ..جبکہ اسنے سکینڈو میں کمرے کا حویلہ بغاڑ دیا تھا

... تمھیں ہوش سے کام لینا ہو گا... .یہ بھی ہو سکتا تھا تمھیں یہ بھی سوچنا چاہیے تھا

...ہارون کے کہنے پار داود غصے سے بہنا گیا''

....اور اس سے پہلے وہ چلاتا

...ہارون اس سے پہلے بولا

..اب انتقام یہ بے کی اگ میں مت جلنا داود اگر تم... اس لرکی کو چاہتے ہو... اور اگر تمھارے دل میں اس لڑکی کے لیے کچھ نہیں تو اس جھوٹے تماشے کو بند کرو... ''وہ

... جیسے اس طرح بولا جیسے اج سے دو سال پہلے بولا تھا ..بے لچک لہجہ

....میرر وال سے اندر جھانکتی لڑکی نے اسکی کڑک اواز پر دل تھامہ تھا

..داود نے سر تھام لیا ..اس سے بہرام کی فتح برداشت ہی نہیں ہو رہی تھی

.....بہرام خان جیت گیا... " .وہ بولا

..ہارون ہنس ا

... نہیں یار... .اصل تو ہار اسکی ہوئ ہے

وہ لڑکی تمھاری بیوی ہے ..یہ کیوں بھول رہے ہو... بھئ .. تم اس ساری بازی کو دوبارہ .....پلٹ سکتے... "..وہ اسکے ساتھ بیٹھ کر اسکو مشورہ دینے لگا

...وہ ادمی میری برداشت سے باہر ہے..." .داود نے چیڑ کر کہا

بدلہ پورا ہوا ..اسکی ساک بری طرح ہل گئ ہے ..دو سلا پہلے جو حالات تھے ..اج وہ نہیں رہے ..اب تم چل مارو... چارو طرف سے .. گیم تمھارے ہاتھ میں ہے ..انھیں چار ناچار تمھیں قبول کرنا ہی پڑے گا ..اگر تم اس جھوتے نکاح کا تماشہ بند کرو تو "ہارون کی بات پر اسنے ..اسکی جانب دیکھا جبکہ ہارون اسکی آنکھوں میرے اترتے تاثر کو دیکھ کر سر ..ہلانے لگا

گڈ اب مجھے نظر ا رہا ہے تمھاری یہ الٹی کھپڑی کچھ سوچنے قابل ہے اب میں اپنے پورشن میں جا رہا ہوں ..گڈ نا<ٹ "اسنے ..سکون سے ..کہا...

اور ..باہر نکلا تو... سامنے حیا کو ..کان لگایے دیکھ اسکے ماتھے پر بل ڈلے...

ہیلو لڑکی... یہ ان مینرڈ حرکت ہے "وہ انگلی اٹھا کر بولا ..حیا... ایکدم در کر دل تھام گئ...

..پھر منہ بنا کر اسکی جانب دیکھنے لگی

..میرا نام حیا ہے "اسنے کہا تو ہارون مسکرایا

اوو رئیلی ..مجھے لگا ..مسیز ہارون ہو تم... "وہ اسکے نزدیک ..انے لگا ..جبکہ حیا کو ڈر الگ لگ رہا تھا ..وہ ایکدم دور ہوئ... بات سنو... اتنی بھی بری نہیں ہو... جیتنا میں سمجھ رہا تھا "اسنے کہا ..تو حیا... پل میں وہاں سے دوڑ لگا گئ.

..اسکا دل زوروں سے دھڑکا تھا .جبکہ ہارون... اسکے پیچھے گیا

..بھاگو مت "وہ چیخا ..حیا روک گئ

..مجھے اپ سے ڈر لگتا ہے جائیں اپ "وہ اسکو ہاتھ سے دور کرنے لگی

...ٹھیک ہے بھئ جاو تم یہاں سے ..میں کون سا مرے جا رہا ہوں... "وہ چیڑ کر بولا

..تو حیا پھر سے بھاگنے کو تیار تھی

..مگر ہارون کی گھوری پر وہ عزت سے چلنے لگی ...جبکہ ہارون اسکے پیچھے پیچھے ..تھا

..حیا .اسکے ساتھ والے روم میں چلی گئ

...جبکہ ہارون ایک نظر دروازے کو دیکھ کر ..اپنے روم میں چلا گیا

....

...نیوز سن کر جیسے پورا گھر عجب سناٹے کا شکار ہوا تھا

عابیر تو وہیں تھم گئ تھی ..معاز .بھی الگ ..خاموش ہو گیا تھا جبکہ فیزا کو تو داود پر رج کر ...غصہ ایا ..اور روشنی بھائ کے امیر ہونے پر ہی خوش تھی

کل فیزا کی بارات تھی گھر میں کام تھے کافی ..مگر ..عابیر .. سمیت معاز کی خاموشی بھی ٹوٹی نہیں تھی...

وہ سب صحن میں بیٹھے تھے جبکہ...

فیزا چائے بنانے اٹھی تھی..

تبھی باہر ہیوئ بائیک ارکی... .اکثر انکے دروازے کے پاس سے ہیوی بائیک ارکتی تھی مگر پھر چلی جاتی تھی .. تبھی وہ کسی بھی گمان میں نہیں تھا..

انکا بیٹا امیر ہو گیا تھا شادی کر چکا تھا ..ان کا اب اسکی زندگی سے کیا لینا دینا بھلہ..

عابیر نے ایک خاموش نظر داود کی بائیک پر ڈالی جو ..اسکے ایگل کے پنجرے کے پاس کھڑی تھی...

جبکہ اسکا ایگل بھی اب اڑتا نہیں تھا....

دروازے پر مانوس دستک سے ..عابیر بل کھا کر اٹھی..

..معاز نے اسکی بے تابی پر اسکی جانب دیکھا

.میں دیکھتی ہوں مامی بیٹھیں اپ "فیزا نے کہا ..تو عابیر نے نفی کی

نہیں میں کھولتی ہوں... دل میں جو اس تھی... اسنے کانپتے ہاتھوں سے اپنے گھر کا دروازے کھولا ..تو سامنے پورے دو سال ..ہاں .یعنی 730 دنوں بعد داود کو اسی ہیوئ ..بائیک پر ..عام سے رف سے حولیے پر اسی طرح ..جس طرح وہ ماتھے پر بل ڈالے عینک ناک کی چونچ پر رکھے دوسروں کو گھورتا تھا کھرا دیکھ کر ..عابیر کو سمجھ نہی 2 یا ..ہنسے ...یہ روے

اسکے پیچھے دو گارڈز نمودار ہوے داود نے تپ کر انکو دیکھا حالانکہ وہ انھیں روک چکا تھا مگر .وہ پھر بھی اسکے پیچھے ائے تھے

مما یار ..اگے کھڑی رہیں گی تو اندر کیسے او گا... "وہ بولا وہی لہجہ... .عابیر... جو اسکی شادی کی خبر سن کر ..اس سے دل ہی دل میں ناراض ہو چکی تھی ..انسو صاف کر کے ..مسکرای اور اسے نادر انے کا راستہ دیا

..داود بائیک سے اترا

..یہ بائیک واپس لے جاو "اسنے ایک گارڈ سے کہا

..عابیر پرجوش نظروں سے بیٹے کو دیکھنے لگی

...وہ اندر ایا

..عابیر کی آنکھوں کے اگے چٹکی بجای

...کیا زیادہ ہینڈسم ہو گیا ہوں "وہ ہنسا ..تو عابیر بے ساختہ اسکے سینے سے لگ گئ

...داود کی بھی آنکھیں نم ہوئیں

دو سال ماں کو سزا دے کر اج... مسکراتے ہوۓ ا رہے ہو... داود ..اتنے برے کیوں ہیں پا"وہ بولی ..داود ہنس دیا... اسکے بالوں پر پیار کیا....

اب کہیں نہیں جاو گا"اسنے بغیر کسی شکوے کے ماں کے ہاتھ پر بھی پیار کیا..

عابیر کا تو اسکو دیکھ کر ہی دل نہیں بھر رہا تھا ..وہ دونوں ماں بیٹے ہمیشہ کیطرح خود میں مگن تھے...

باقی سب کو فراموش کیے ..معاز کو لگا ایک بار پھر سے جیسے اس میں طاقت بھر گی ہو...

داود موڑا...

اف حریفوں کی نظریں نہیں بدلیں" ..وہزچ کرنے والی مسکراہٹ لیے اسکے کے نزدیک سے گرزکر... روشنی کے پاس ایا..

بھیا"وہ ایکسائٹیڈ تھی...

عابیر کو لگا اج اسکا گھر پورا ہو گیا ہو... اسکے گھر کی رونک لوٹ ائ تھی...

..داود نے امروشنی کو بھی پیار کیا اور فیزا کی جانب دیکھا

سنا ہے ..اسے .گدھے سے شادی کر رہی ہو "اسکا اپنا ہی انداز تھا... سب کو چھیڑ کر ...بدسکون کر دینے کا

...فیزا جو اسپر کافی غصہ تھی اسکو دیکھ کر... دلی خوشی محسوس کر رہی تھی... وہ مسکرائ ...تو داود نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا

..اور اب وہ اپنے باپ کی صورت تک رہا تھا جو اسے کافی کمزور لگا

..کیوں ائے ہو اب بھی "معاز تیور بگاڑے... اسکے نزدیک جانے لگا

..معاز "عابیر حیرانگی سے .اسکی جانب دیکھ کر بولی

..چپ ہو جاو تم "معاز نے اسکو ٹوکا ..داود ڈھیٹوں کیطرح اسکو دانت دیکھانے لگا

". حریفوں کو دیکھے بغیر مزاہ نہیں ا رہا تھا

...باپ کو حریف کہتے ہوے شرم بھی نہیں اتی "وہ اسکے مقابل ایا

داود نے شانے اچکائے..

یہ جو اپکے تیور ہیں ..مجھے ایسا کیوں لگ رہا ہے میرے انے پر اپکے اندر گلوکوس بھر دیا گیا ہے ..یار بابا کچھ تو میرے بارے میں اچھا سوچ لیتے" وہ بولا تو پہلے کیطرح منہ بنایا...

عابیر سمیت فیزا اور روشنی بھی ہنسی..

بھیا..بابا نے تو اپکو سب سے زیادہ مس کیا ہے... .اور سچی میں ایسا لگ رہا ہے ببا میں انرجی بھر گئ ہے" اسکے کہنے پر وہ سب ہنس دیے جبکہ معاز نے روشنی کو گھورا..

میری اولاد سب سے زیادہ خراب ہے" وہ چیڑ کر بولا..

چلو چلو مان لو ..کچھ نہیں ہوتا" ..داود ..نے باپ کے گلے میں بازو ڈالے..

معاز.کو بیٹے کے انداز تقویت دے رہے تھے..

پہلے یہ بتاو شادی کس سے کی ہے" معاز اس سے دور ہوا...

اف ..مما یہ سی ائ ڈی ہی ملے تھے شادی کرنے کو" وہ ماں کے پاس جا کر بیٹھا...

....عابیر نے تو چاہت سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرہ

....اور وہ کتنا فدا ہوتی اپنے بیٹے پر.... .بار بار خدا کا شکر ادا کر رہی تھی

..جواب دو ''معاز بولا... تو داود مسکرایا

..عینہ سے ''اسنے انکھ ماری تو سب اچھل پڑے

'' ...مگر تمھاری نیوز تو کوئ حیا الطاف

..فیزا نے الجھ کر پوچھا

... جھوٹی تھی ''اسنے سکون سے کہا

...داود سے پنگا لیا تھا... اینڈ تک پہنچا کر ایا ہوں ''وہ سنجیدہ ہوا

..عابیر نے اسکا شانہ تھامہ

...بہت غلط بات ہے داود ''اسنے کہا تو داود اسکیطرف دیکھنے لگا

لڑکی کے لیے اپنا شوہر بانٹنا اسان نہیں ہوتا .. بھلے جھوٹ ہو یہ یا سچ "اسنے کہا تو وہ کچھ نہیں بولا ..

ہمیشہ سے .. تمھاری اولاد نکمی ہی رہی ہے "معاز بھی بیٹھ گیا ..

مجھے کیوں لگ رہا ہے اپ جیلس ہو رہے ہیں مجھ سے "داود نے اسے چیڑہ جبکہ معاز نے .. چپل نکالی ..

یار بابا کوئ حد... دس دس ہوٹلز کا مالک باپ سے پیٹ رہا ہے میڈیا میں تھلکا مچ جائے گا وہ چیختا ہوا بھاگا جبکہ معاز کی چپل گھمتی ہوئ اس تک پہنچی مگر اسے لگی نہیں"...

سب سمیت اب کی بار معاز کا بھی قہقہ بلند ہوا ..

ادھر او.... معلوم نہیں تھا... تم میرے گھر کی .. میرے دل کی رونق ہو "اسنے .. نم آنکھوں سے داود کے ماتھے پر پیار کیا .. تو داود .. کے لیے شاید اج کا دن اپنی زندگی کا بہترین دن تھا .. باقی سب کی بھی آنکھیں نم ہوئیں

میرا بیٹا "معاز نے اسکے کالر کو درست کیا...

....داود مسکرا دیا

...ہاں یہ بہترین دنوں میں سے ایک دن تھا

...ڈیڈ محبت اپنی جگہ جنگ اپنی جگہ... "وہ شرارت سے بولا

...تو معاز ہنسا ..اور دونوں بغل گیر ہوئے

....

..بہرام ڈیڈ دن سے کسی سے بات نہیں کر رہا تھا

..ارمیش عینہ سارگل ..تینوں جیسے الگ الگ... غم ذدہ تھے

میڈیا جتنا چھال سکتا تھا اچھال رہا تھا ..مگر ..لگلے دن ہی وہ تمام ہیڈ لائنز بند کرا دیں گیئں...

پیسہ دے دلا کر ..معاویہ نے ان خبروں کو رکوا ضرور دیا تھا ..مگر انکی ساک بری طرح ہلی تھی...

سارگل کے لیے اپنے ساک سے زیادہ باپ کی ناراضگی جان لیوا تھی...

اور بالآخر ہمت کر کے اسنے دروازہ بجا ہی دیا...

دروازہ کھولا دیکھ کر... ارمیش اور عینہ بھی سارگل کے ساتھ اندر داخل ہوئیں ..بہرام ان سب کو دیکھ کر کوئ ریسپونس دیے بغیر...

اپنی بک پڑھنے لگا...

سارگل اور عینہ نے ایک دوسرے کیطرف دیکھا...

اور جس طرح وہ بچپن میں اپنی کسی غلطی پر شرمندہ ہو کر اسکے پاس اتے تھے بلکل اسی طرح وہ دونوں باپ کے قدموں میں بیٹھ گئے....

سوری ڈیڈ" سارگل نے اسکا ہاتھ تھامہ ..جبکہ عینہ رونے لگی...

...ہاں باپ کا مان توڑ کر وہ سکون میں نہیں تھی

...پہلے بہرام عینہ کو اپنے قدموں میں سے اٹھا لیتا تھا ..مگر اج اسنے ایسا نہیں کیا

سوری ڈیڈ... میں اب ایسا کوئ کام نہیں کروں گا جس سے اپکو شرمندگی ہو "وہ حقیقت میں .شرمندہ تھا ..باہر لون سے گزرتی مشل نے یہ منظر دیکھا... اور نہ جانے اسے کیا ..سوجہ سارگل کی کھٹا کھٹ تصویریں کھینچ لیں

..بیٹا تم مجھے اچھے سے شرمندہ کر چکے ہو... گھر کی چار دیوای میں نہیں ..پوری دنیا میں کس چیز کی کمی ہے ہمیں سارگل خان... کہ تم رشوت لینے لگے... "وہ سختی سے بولا ...سارگل جاموش ہو گیا ٹھیک ہی تو کہہ رہے تھے وہ

خان ہو تم خان... اپنی شناخت کیوں بھول گئے ..باپ تمہارا بیوروکریسی میں ..دادا پر دادا کی خائیدادوں سمیت باپ کی جائیداد کے بھی اکیلے وارث اور اتنا گھٹیا کام "وہ سختی سے ...اسکا ہاتھ جھٹک گیا... .سارگل شرمندگی سے سر نہ اٹھا سکا

..اور تم "اسکا روخ عینہ کی جانب ہوا

میری بیٹی... اور میرے پیٹھ پیچھے مجھ سے دھوکا "وہ بولا ..جبکہ عینہ سے مزید براداشت نہ ہوا..

ڈیڈ اپ مار لیں مجھے میں بہت گندی بیٹی ہوں اپکی ..میں نے بہت غلط کیا... پلیز ڈیڈ میں نہیں جاوگی نہیں دیکھوگی اسے ..مگر میں میں اپکے بغیر نہیں رہ سکتی "وہ اسکے سینے سے لگی بول رہی تھی...

بہرام... کی خود بھی آنکھیں بھیگی...

تم دونوں نے میری عزت .. کہیں کی نہیں چھوڑی "وہ پھر بولا..

عینہ نے اسے سختی سے تھام لیا...

اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی... .ارمیش نے ..بہرام کے شانے پر ہاتھ رکھا...

ماں باپ کا ضرف بہت زیادہ ہوتا ہے بہرام... یقیناً... اب ان دونوں کیطرف سے اپکو کوئ... تکلیف نہیں ملے گی... "وہ بولی ..جبکہ اس سے پہلے ہی بہرام نے عینہ کو تھام لیا تھا..

مجھ معصوم پر بھی نظرے کرم کر دو "سارگل پیچھے سے بولا...

تم تو پانی شکل کہیں گم ہی کر لو "بہرام نے بیٹی کے انسو صاف کیے جبکہ ..سارگل کو گھورا ..سارگل ..نے ماں کی جانب دیکھا..

بس اپنی بیٹی کے انسو قیمتی ہیں میرے ..بیٹے کی کوئ ولیو نہیں" .وہ سارگل کو پیار کرنے لگی...

ڈیڈ ایم سوری... .میں جانتا ہوں اپ سب مینیج کر لیں گے"اسنے کہا جبکہ بہرام نے اسکی گودی پر ایک تھپر رکھا...

"..میرے بچوں کے بعد بھی مجھے معلوم ہے اپ یوں ہی ماریں گے مجھے

..وہ چیڑ کر بولا

مشل کو شادی کے لیے مناو... .اس سے پہلے نظر مت انا تمھاری ہر غلطی اسکے ماننے سے معاف ہو گی"اسنے کہا تو سارگل اٹھا ..ٹھیک ہے بیٹی ہی قیمتی ہے اپ کے لیے ...وہ منہ بسور کر باہر نکلا جبکہ ہلکا بھی ہو اتھا ..اب مشل کو منانا باقی تھا"

...بہرام نے عینہ کی جانب دیکھا

صرف تمھارے منہ کو اس لڑکے کو قبول کر رہا ہوں میں "بہرام کی بات پر عینہ اور ارمیش
.. جھٹکا کھا کر اسکی جانب دیکھنے لگے

مگر شدید زہر لگتا ہے وہ مجھے... .اور جب تک وہ خود نہیں ائے گا ..اسی طرح اپنی ماں
کو لے کر ..اور وہ اس حیا نامی لڑکی کو طلاق نہیں دے گا ..میں تمھیں نہیں بھیجو گا... اا
سے زیادہ تمھارا باپ تمھارے لیے کچھ نہیں کر سکتا"وہ کہہ کر عینہ کی سرخ آنکھیں دیکھنے
..لگا

اور تم اس سے کوئ رابطہ نہیں رکھو گی "اسنے ایک اور پابندی لگائ جبکہ عینہ سب مانتی
...جا رہی تھی

اب رونا تو بند کرو چڑیا سا دل ہے... "بہرام نے ڈپٹا تو عینہ ..اسکے سینے سے پھر سے لگ
..گئ

سکون تو میسر ہو گیا ..مگر ..داود نے جو اکسے ساتھ کیا تھا وہ بھول نہیں سکتی تھی بھلے وہ ساری زندگی اسکے نام پر گزار دے مگر دوبارہ اسکے پاس نہیں جائے گی اسنے سوچا...

....

....

بارات کا دن بھی ا پہنچا.....

وہ کب سے مشل سے ملنے کی کوشش کر رہا تھا مگر مشل اسکے ہاتھ ہی نہیں لگ رہی تھی....

اور بلاخر چوری چھپے اسنے اسکے روم میں جانے کی سوچی بہت مشکلوں سے وہ اسکے روم تک پہنچا....

اور دروازہ کھولا مگر جالی کمرہ اسکا منہ چیڑہ رہا تھا..

وہ ہاتھ پر مکہ مار کر رہ گیا...

..وہ پلٹا... تو سامنے سے... .اتے شخص کو دیکھ کر... اسکے ماتھے پر شدید بل ڈلے جبکہ ...وہ تیر کی تیزی سے... اس تک پہنچا

...کیا کرنے اے ہو "اسنے اسکا گریبان جکڑا

....داود نے اسکے ہاتھوں کی جانب دیکھا اور پھر دور سے اتے بہرام کو دیکھا

سالے صاحب بہنوئ ..کی عزت کرنا نہیں سیکھائ اپکے والد محترم نے... یہ بس لوٹ ...گھسوٹ سکای ہے "اسنے ہاتھ جھٹکا

....تب تک بہرام بھی پہنچ چکا تھا جبکہ داود ..مزے سے صوفے پر بیٹھا ...ان دونوں کے غصے سے کھولتے چہروں کو دیکھنے لگا

....کیا... " .اسنے لاپرواہی سے پوچھا

کتنے ڈھیٹ انسان ہو تم... ..بلکل اپنے والدین سے ڈھٹائ لی ہے "بہرام خونخوار نظروں ....سے دیکھتا .اسکے سمانے بیٹھا ..جبکہ داود ہنسا

اب کیا کر سکتے ہیں..." .وہ لاپرواہ سا دیکھا جبکہ آنکھیں چارواطراف میں گھوم رہیں تھیں...

کوئ چائے اپنی کا رواج نہیں... اپنے رشوات کے مال کا مزاہ ہمیں بھی چکھاو..." .وہ مسلسل سارگل کو طعنوں کی زد پر رکھے ہوئے تھا ..داود کے انے کی جبر حویلی میں اگ کیطرح پھیلی تھی رفتہ رفتہ سب جمع ہونے لگے..

ارمیش نے اسکی شاندار پرسنیلٹی کو آنکھوں آنکھوں میں سراہایا تھا..

تمھیں زہر نہ کھلا دیں کہیں ..نکلا یہاں سے "سارگل ایک ابر ہمیر اسکی جانب بڑھا...

سارگل "بہرام نے روکا..

بے انتہا سمجھدار ہے یہ انسان تمھارے معملے میں "بہرام کیطرف اشارہ کر کے وہ ہنسا. جبکہ سب کا خون سلگا گیا...

ماں باپ کہاں ہیں تمھارے "بہرام نے پوچھا..

کیوں بتاو"اسنے الٹا جواب دیا ..بہرام نے ضبط سے مٹھی بھینچی...

..جبکہ بہرام کی نظر عینہ پر اٹھی جو زخمی نظروں سے اسکو دیکھ رہی تھی

..زہے نصیب... "وہ اونچی اواز میں بولتا ..اٹھا

...عینہ کا رنگ فق ہوا

...اب یہ کون سا نیا روپ تھا اسکا

....

...رک جاو یہیں اس سے پہلے وہ عینہ تک پہنچتا بہرام کی اواز پر رکا

...اپ مجھے روکنے والے کون ہوتے ہیں "وہ سنجیدگی سے بہرام کی جانب دیکھنے لگا

تمھاری بیوی کا باپ... اگر تو تم مجھے ابھی کچھ دیر میں یہ کہنے والے ہو کہ میں اسکا شوہر ....ہوں اوربلا بلا"اسنے بھی اسکے مقابل اتے کہا

داود چند لمحے اسکی آنکھوں میں دیکھتا رہا... .اور پھر مسکرا دیا...

ٹھیک ہے... .پھر اپنے دماغوں سے رخصتی نکال دینا... خالی ہاتھ لوٹنے کا بھی اپنا ہی مزاہ ہے ..میں نے تو اکثر چکھا ہے یہ مزاہ "وہ دوبارہ سکون سے بیٹھتا... .بولتا سب کو زہر ہی لگا...

جبکہ اچانک حال میں لوازمات اتے دیکھ جہاں بہرام اور سارگل سمیت معاویہ مراد کے ساتھ ساتھ داود خود بھی حیران تھا...

مگر اپنی حیرانگی چھپا گیا....

ملازموں نے اسکے سامنے لوازمات رکھے... وہ مسکرا کر بہرام کو دیکھنے لگا....

جبکہ بہرام نے اس سب تماشے کی جڑ کو دیکھا جو پیچھے چائے کی ٹرے لیے خود ا رہی تھی...

داود ارمیش کو دیکھ کر ...جو پھیلا بیٹھا تھا سمٹ سا گیا..

عینہ خود حیرانگی سے اپنی ماں کو دیکھ رہی تھی... مگر تا دیر نہیں جلد ہی وہ وہاں سے ہٹ گئ..

اسکو دیکھ کر جیسے اسکی دوسری شادی کا یاد اتے ہی نئے سرے سے زخم ہرے ہوئے تھے.

...لو بیٹا "ارمیش نے چائے کا کپ اسکے ہاتھ میں دیا

...داود کو عجب شرمندگی سی ہوئ

... ...اور ایک منٹ میں اسکے خیالات سامنے کھڑی عورت کے بارے میں بدلے تھے

داود نے... بہرام کی طرف بھرپور سمائیل اچھالتے ہوئے چائے کا کپ لبوں سے لگا لیا....

..ارمیش خانم... یہ سب کیا کر رہی ہو "بہرام سے بلاجر برداشت نہ ہوا

...مما یہ ادمی اس لائق نہیں کہ اسے بیٹھا کر کھلایا جائے "سارگل بھی چیخا

ارمیش ..نے بیٹے کو پہلی بار اگنور کیا اور بہرام کی جانب دیکھا..

داماد ہیں ہمارے" ..وہ بولی ..داود کو ہنسی سی اگی..

سوری "اسنے ارمیش سے معزرت کی... اور اپنے ہونٹوں کو ٹشو سے صاف کر کے وہ ایک بار پھر پھیل کر بیٹھا اپنے سسر اور سالے کو دیکھنے لگا..

سارگل تو دندناتا ہوا وہاں سے نکلا جبکہ بہرام نے بھی اگلا کوئ لفظ نہیں کہا... اور وہاں سے غصے سے چلا گیا جبکہ پیچھے ارمیش نے داود کیطرف دیکھا

بیٹا جب تم شادی کر چکے تھے تو تم نے دوسری شادی کیوں کی... اور اگر تم میری بیٹی سے بدلہ لے رہے ہو تو کیوں ائے ہو یہاں اب "اسنے سہولت سے پوچھا...

داود تو اس حملے کے لیے تیار تھا ہی نہیں... سیدھا ہو کر بیٹھا جبکہ اسکے سامنے معاویہ بھی ا بیٹھا..

تم نے اپنی من مانی کر لی....

ہماری ساک ہلانے والے تم پہلے تھے ..اور شاید تم بہرام کو نہیں جانتے... وہ تمھارے اس عمل سے تمھیں لازمی زندہ نہ چھوڑتا ..یہ عینہ تمھارے اگے کھڑی ہے جو بہرام نے تمھیں چھوڑ دیا ..''معاویہ کی بات پر داود نے اسکی جانب دیکھا

کس لیے دھمکا رہے ہیں مجھے اپ ''وہ ایکدم سیدھا ہوا...

لالا''ارمیش نے اسکی جانب دیکھا ..معاویہ نے ارمیش کو روکا...

میں تمھیں دھمکا نہیں رہا....

میں تم سے یہ جاننا چاہتا ہوں کہ تم چاہتے کیا ہو اور کتنا نیلام کرنا چاہتے ہو ہمیں ''داود اسکی بات پر مسکرایا..

نیلام کیا نہیں ہے زبردستی کروایا گیا ہے...'' .اسنے بھی بات ماری...

تو معاویہ نے ضبط کیا .شاید وہ خون پینے میں ماہر تھا...

اور باقی رہ گئ میری چاہت کی بات تو میں عینہ سے بات کرنا چاہتا ہوں اور اسے ساتھ لے جانا چاہتا ہوں... اور جس طرح کچھ دیر پہلے اپ مجھے میرے سسر کے کارناموں سے

دھمکا رہے تھے بلکل اسی طرح... میں اپکو دھمکا رہا ہوں کہ رخصتی نہیں دوں گا جب تک عینہ میری دولہن نہیں بنے گی... میرے ساتھ نہیں جائے گی"اسنے دو ٹوک لہجے میں کہا....

اور اٹھ کھڑا ہوا..

مسلہ پتا کیا ہے ..شروعات کر کے اپ لوگ معصوم بڑا پیارا بن جاتے ہیں "..وہ مسکرایا... اسکی مسکراہٹ ..مراد کا خون کھولا رہی تھی..

تمھیں لگتا ہے تمھاری دوسری شادی... .کے بعد عینہ تمھارے ساتھ جانا پسند کرے گی.. "

معاویہ نے پوچھا ..تو اسنے شانے اچکائے..

یہ تو میرا مسلہ ہے..." .وہ لاپرواہی سے بولا...

بیٹا کیوں کر رہے ہو اسطرح....

میری بیٹی بہت معصوم ہے ..اسکو سزا مت دو..." .ارمیش ..نے اسکا ہاتھ پکڑا تو وہ .. جھٹکا کھا گیا

...اسے وہ اپنی ماں کیطرح ایک بے بس ماں لگی

...اسنے ..چند لمحوں بعد گھیرہ سانس لیا

اور بے انتہا مدھم اواز میں وہ زرا ارمیش کی طرف جھک کر بولا

...اپکی بیٹی میری زندگی میں انے والی پہلی اوراخری لڑکی ہے

..... تھی اور رہے گی

شادی کرنی ہوتی تو دو سال میں کر چکا ہوتا... .دوبارہ اپ کی بیٹی کیطرف قدم نہ بڑھاتا"وہ .. سنجیدگی سے بولا تو ارمیش الجھ کر اسکیطرف دیکھنے لگی

"مگر وہ نیوز

فیک تھی ..اپ لوگ سوچ لیں ..جب تک عینہ دولہن بن کر خود میرے گھر نہیں ائے گی تب تک فیزا کی رخصتی نہیں ہوگی ابھی میں جا رہا ہوں صرف اپکی وجہ سے...

یہاں سب کم عقلوں میں اپکو دیکھ کر کچھ افسوس ہوا "..وہ کہہ کر مڑا... جبکہ مراد نے غصے سے اسکا شانہ تھامہ..

"...ٹھیک ہے مت دو رخصتی

وہ تمہاری مرضی ہے تمہاری شادی نہیں بھی ہوگی تب بھی عینہ صرف داود کی ہے اور یہ بات .اس حویلی کی درودیوار سن لیں... .اگر وہ میری نہیں ہو سکتی ..تو اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا اس حویلی کی... ٹریلر تو دیکھ ہی چکے ہو "کہہ کر وہ غصے سے اسے دھکا دیتا وہاں سے نکلتا چلا گیا...

جبکہ وہ سب... اسکی پشت کو دیکھ رہے تھے.....

....

سارگل پشت پھیرے کھڑکی کے پاس کھڑا تھا... ابھی ابھی داود کو اسنے وہاں سے گزرتے دیکھا تو اسکا خون کھول اٹھا...

جبکہ ابھی وہ لیمپ اٹھا کر پھینکتا کہ... دروازے کے پاس کھڑی مشل کو دیکھ کر اسکا میٹر مزید گھوما..

کیوں ائ ہو ..مزاق بنانا چاہتی ہو تم بھی میرا"وہ چیخا اور وہیں لیمپ چھوڑ کر اسکی جانب بڑھا .اور اسکو دونوں ہاتھوں سے تھام لیا...

مشل کو اس سے خوف ضرور ایا مگر ..اپنے خوف کو دباتی وہ اسکی آنکھوں میرے دیکھنے لگی...

..نہ اپ... نہ انکل اور نہ ہی داود بھائ

کوئ بھی اپنی انا کے پہاڑ سے نیچے اترنا نہیں چاہتا اور ان سب میں صرف عینہ اپی پیس رہیں ہیں "اسنے اسکے ہاتھ جھٹکے..

..یہ داود ..کو بلاوجہ کس خوشی میں بھائ بنایا ہے تم نے "اسنے اسکو گھورا

کیونکہ انکا رشتہ اب گھر میں سب قبول کریں گے اور اپکو بھی کرنا پڑے گا .. کتنی زندگیاں
.... خراب ہو رہیں ہیں اس سب سے اپ کیوں نہیں سمجھ رہے

اج اپ ایک بار پھر ہنگامہ میچا دیں تو مراد بھائ .. فیزا سے شادی نہیں کریں گے .. مگر
.. اس لڑکی کا کیا .. جو انکے انتظار میں بیٹھی ہے

اپ مردوں کے لیے شاید یہ سب بہت اسان ہوتا ہے سارگل کے .. پہلے کسی کے دل
میں گھر کر لیں اور پھر اسی گھر کو اہ اپنے ہاتھوں سے ریزہ رہزہ کریں اور ھھر معافی کے دو
.... بولوں سے جوڑ کر ایک بار ھھر سب صیحی کا گمان کریں

.. کیوں ... "اسکی آنکھیں بھیگی .. سارگل نے ... اسکی جانب دیکھا

فضول میں مجھے درس نہ دو .. عینہ کبھی بھی اسکے پاس نہیں جائے گی یہ بات طے
".. ہے

... ٹھیک ہے .. عینہ اپی انکے پاس نہیں جائیں گی

.. تو لازمی اس کمرے میر گھٹ گھٹ کر مر جائیں گی

اور مراد بھائ... .وہ تع شاید اگے بڑھ جائیں انکے نام پر بیٹھی لڑکی... اپنی بے عزتی اپنی رسوائ برداشت کر لے گی...

کیا اسکی آہیں اپ پر نہیں پڑیں گیں

اور کیا یہ سب ماحول دیکھ کر اپ اپنی خوشیاں منا لیں گے"اسنے اسکا بازو تھام کر سوال کیا...

جبکہ سارگل سوچ میں پڑ گیا..

مگر کیا کرتا وہ ..داود کے ساتھ صیحی نہیں ہو سکتا تھا....

وہ ادمی مجھے نہیں پسند "سارگل ایک ایک لفظ پر زور دیتا بولا..

ٹھیک ہے اپ نے اسکے ساتھ زندگی گزارنی بھی نہیں "مشل نے اسک رام ہوتے دیکھ پٹ سے جواب دیا...

سارگل اسکی صورت تکنے لگا... دماغ اسکی موجودگی کو محسوس کر کے ہلکا پھلکا سا ہونے لگا...

جبکہ مشل بھی اسکے آنکھوں کے تاثر کو دیکھ کر سٹپٹائ اور اس سے پہلے وہ پلٹتی...

سارگل نے اسکا ہاتھ تھام لیا...

اور جھٹکے سے اپنی جانب کھینچا...

خدارا .. تم بھی مجھ معصوم پر ظلم کرنا بند کرو "سارگل نے انگلی کی پوروں سے .. اسکی لٹ کو کان کے پیچھے کیا..

مشل نے خود کو اس سے چڑھوانا چاہا...

میں میں .. چھوڑیں مجھے "وہ چیڑ کر بولی..

کیوں اتنی خطرناک ہوگئ ہو .. لگتی ہی نہیں ہو وہ معصوم سی مشل "اسنے مزید اسکی کمر پر گرفت تنگ کی..

سارگل میری کمر توڑیں گے کیا" وہ منہ بنا کر بولی درد جو ہو رہا تھا..

..پہلے کہو میں نے اپکو معاف کیا... اور اج رات اپکے کمرے میں اپکی دولہن بھی ہو گی
.. تبھی میں ان معملات میں اینولو ہو گا "اسنے کہا ..تو مشل نے گھورا

...یہاں سب ایک دوسرے کو بلیک میل کرتے ہیں "وہ اسکے شانے پر مکے برساتی بولی

چلو تم یہ ہی مان لو... .مگر ضد چھوڑ دو "وہ بولا ..جبکہ اسکے چہرے کے نزدیک اپنا چہرہ
...لے ایا

"..اپ ..اپ نے مجھ سے معافی کب مانگی ہے

.. مشل نے آنکھیں نکالیں

...نہیں معافی کیوں مانگوں

میں تمھیں ایک تحفی دو گا ..جس کی وجہ سے تم خوش ہو کر مجھے بہت ساری کسیں دو
..گی"وہ دانت نکالتا بولا ..جبکہ مشل تو سرخ ہو گئ

ٹھیک ہے رخصتی بھی اسی دن ہوگی پھر"وک نہیں جانتی تھی وہ کیا کرنے وال اہے مگر ..وہ اسے معاف کر چکی تھی ..شاید اسی دن جس دن بہرام نے اسکے منہ پر تھپڑ مارا تھا...

اس دن اسکے دل کو کچھ ہوا تھا...

اور دل دل تو پہلے ہی اسکے حق میں تھا ..پھر مزید وہ کیا کرتی..

اممم "سارگل کچھ سوچ میں پڑا..

اوکے "اسنے اسکا منہ پکڑ کر پرجوش ہو کر گال پر پیار کیا .. مشل ..اسکو پرے دھکیل کر دروازے کیطرف بھاگی..

اپ اپ ..تو بہت ہی بدتمیز ہیں "اسنے کہا..

میں تو بے انتہا بدتمیز ہوں تم کرنے کب دیتی ہو بدتمیزی "سارگل کی مسکراہٹ... مشل نے غور سے دیکھی...

اور باہر نکل گئ اس سے پہلے وہ چکمے سے اسے پھر سے اپنی جانب کھینچتا..

لو جی سارگل خان ایک بار تم ..اور بس تم ہی پھر سے لٹک گئے باقی تو سب ہی پار لگ جائیں گے "اسنے بستر پر لیٹتے ہوئے سوچا...اور پھر ایکدم اٹھا ..اور باہر نکلا

بھلے اسے داود اب بھی بھایا نہیں تھا مگر وہ داود کی وجہ سے مزید رشتوں کی زندگی خراب . نہیں .کرسکتا تھا

....

سارگل میں نے سوچ لیا ہے "وہ ڈیڈ کے کمرے کیطرف جانے لگا کہ مراد مے بیچ میں ..ہی جا لیا

..کیا "اسنے سوالیہ نظروں سے دیکھا ..مراد حیران تھا وہ بلکل نارمل دیکھ رہا تھا

میں شادی نہیں کروں گا ..وہ ادمی یوں ہی زلیل ہو"مراد بولا تو سارگل نے منہ پر ہاتھ رکھ ...کر اپنی ہنسی روکی

بھائ اپکی اس عظیم قربانی کی ضرورت نہیں اس کمینے کو سالے بن کر ہی زلیل کریں گے فکر نہ کر اسکی اس خواہش کو قبر تک پہنچائیں گے "وہ اسکا شانا تھپتھپاتا .دوبارہ ..کمرے کیطرف بڑھا

..کیا بولے جا رہا ہے "مراد کے پلے کچھ بھی نہیں پڑی

مراد خان ..بارات کے لیے تیار رہو ..اور اب اگر ایک بار پھر تم نے مجھے روکا تو ..ناک توڑ ...دو گا"وہ اسے دھکا دیتا ..بہرام کے کمرے میں چلا گیا

....

" وہ بہت ڈری ہوئ تھی... ارمیش کو دیکھ کر نم آنکھیں صاف کرنے لگی

اب کیا ہو گا مما..." .یہ بات اسنے سن لی تھی کہ اگر عینہ کی رخصتی نہ ہوئ تو بارات ..واپس لوٹے گی ..اور یہ بات اسے بے حد پریشان کر رہی تھی

...کچھ بھی نہیں... رخصتی ہو گی"ارمیش نے اسکے بال سنوارے

اپ اپ ..کیا کہہ رہیں ہیں... لالا ڈیڈ کوئی بھی راضی نہیں ہو گا "عینہ نے کہا تو ارمیش نے اسکا ہاتھ تھاما..

اور تم "اسنے سوالیہ نظروں سے اسکی جانب دیکھا...

دوسری شادی کر کے انھوں نے مجھے میری نظروں میں زلیل کیا ہے .. مجھ سے یہ بات برداشت . نہیں ہو گی "عینہ نے کہا تو ارمیش ..نے اسکا سر اپنی گود میں رکھ لیا..

جھوٹ بول رہا ہے... .تمھارے سوا اسکی زندگی میں کوئی لڑکی نہیں "بیٹی کے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے ..وہ سارگل اور بہرام کے فیصلے کی منتظر تھی....

عینہ چونک کر اٹھی...

انسو صاف کیے اور حیراانگی سے ماں کو دیکھا..

اپ کیسے کہہ سکتے ہیں... وہ جھوٹ بول رہے ہیں نیوز دیکھی ہے وہ لڑکی بھی دیکھی ہے میں نے"

خود بتا کر گیا ہے میری جان "ارمیش نے اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھاما...

عینہ کے ماتھے میں بل پڑے اسے اپنے اندر ایک جلال سا محسوس ہوا بلکل اسی دن

..کیطرح جس دن وہ بھری کلاس میں پیپر پھاڑ ائ تھی وہ جاموش ہو گئ ..کچھ نہیں بولی

..ارمیشجبکہ ابھی کچھ کہتی کہ مشل نے داھر سے دروازہ کھولا

...فیصلہ ہو گیا انٹی''وہ خوشی سے چیخی

...ارمیش نے آنکھیں بند کر کے خدا کا شکر ادا کیا ادکی خوشی اچھی خبر کی نوید سنا رہی تھی

..انکل نے کہا ہے رخصتی ہو گی عینہ اپی کی... ''وہ پرجوش سے ارمیش کے گلے لگ گئ

